آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

MEMBER OF APNS & CPNE

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز اتوار 31 مئی 2020ء بمطابق 08 شوال 1441ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 149

جدید مسیحا بازار اور دوران سفر ماسک پہننا لازمی قرار دیا ہے، ڈاکٹر ظفر مرزا

جیسے کیسز اور اموات بڑھ رہی ہیں تو احتیاطی تدابیر پر سختی سے عمل کرنے کی ضرورت ہے، اب تک 5 لاکھ 32 ہزار کے قریب ٹیسٹ کر چکے ہیں، مصدقہ کیسز کی شرح 12.4 فیصد ہے، پاکستان میں 36 فیصد لوگ صحت یاب ہوئے

آنے والے دنوں میں ہمارے کیسز بھی بڑھیں گے اور بدقسمتی سے اموات بھی بڑھیں گی، لوگوں سے اپیل ہے قوم اور لوگوں کو صحیح معلومات پہنچائیں، صحیح رہنمائی کریں اور درست معلومات فراہم کریں

پاکستان کے نئے نظام ریسورس مینجمنٹ سسٹم سے جلد تفصیل سے آگاہ کریں گے اور پاکستان میں بستروں، آئی سی یو اور وینٹی لیٹرز اور دیگر سہولیات کی کیفیت پر بریفنگ دیں گے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا ہے کہ مساجد، بازاروں اور دیگر پرہجوم مقامات پر ماسک پہننا لازم قرار دیا ہے، جیسے کیسز اور اموات بڑھ رہی ہیں تو احتیاطی تدابیر پر سختی سے عمل کرنے کی ضرورت ہے، اب تک 5 لاکھ 32 ہزار کے قریب ٹیسٹ کر چکے ہیں، مصدقہ کیسز کی شرح 12.4 فیصد ہے، پاکستان میں 36 فیصد لوگ صحت یاب ہوئے، آنے والے دنوں میں ہمارے کیسز بھی بڑھیں گے اور بدقسمتی سے اموات بھی بڑھیں گی، لوگوں سے اپیل ہے قوم اور لوگوں کو صحیح معلومات پہنچائیں، صحیح رہنمائی کریں اور درست معلومات فراہم کریں، پاکستان کے بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع	
فجر صبح	04:15
ظہر	01:00
مغرب	07:27

کوئٹہ صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نور محمد دمڑ کے ہمراہ میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

ہزارہ ٹاؤن واقعہ افسوسناک ہے نامزد ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

واقعہ قابل مذمت اور انسانی جانوں کا ضیاع افسوسناک عمل ہے غفلت برتنے پر ایس ایچ او سمیت دیگر اہلکاروں کا معطل بھی کر دیا گیا ہے واقعہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات جاری ہیں

واقعہ کے ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائیگا اور کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی سوگ واران صبر و تحمل کا مظاہرے کرتے ہوئے پر رہیں ہم انکے غم میں برابر کے شریک ہیں

جاوید جبار نے رضاکارانہ طور پر استعفیٰ دے دیا ہے یہ افسوس ناک واقعہ ہے کہ کیسے مفاد پرست عناصر نے انکے خلاف غلط خبریں پھیلا کر انکی ساکھ متاثر کی، جام کمال خان

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال کا کہنا ہے کہ ہزارہ ٹاؤن واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ایف آئی آر درج کر کے نامزد ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے واقعہ قابل مذمت اور انسانی جانوں کا ضیاع افسوسناک عمل ہے غفلت برتنے پر ایس ایچ او سمیت دیگر اہلکاروں کا معطل بھی کر دیا گیا ہے واقعہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات جاری ہیں جبکہ حکام نے وزیراعلیٰ کو واقعہ کی ابتدائی رپورٹ پیش کر دی ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹویٹر پیغام اور سرکاری بیان میں کیا وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کا ہزارہ ٹاؤن واقعہ کا نوٹس واقعہ کی ابتدائی رپورٹ بھی وزیراعلیٰ کو پیش کر دی گئی وزیراعلیٰ جام کمال کا کہنا ہے کہ واقعہ قابل مذمت اور انسانی جانوں کا ضیاع افسوسناک ہے آئی جی پولیس کو واقعہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے مکمل رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کر دی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد سابق وزیر داخلہ رحمن ملک پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

کورونا کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے صوبے بھر کی مانیٹرنگ جاری ہے، جام کمال خان

نرمی کی وقت میں عوام الناس سے متعدد بار اپیل کی گئی کہ وہ احتیاطی تدابیر پر سختی سے عمل درآمد کریں

بلوچستان کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر میں تیزی سے چوبیس گھنٹے کام کیا جا رہا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی گزشتہ روز کے اجلاس میں دی گئی ہدایت کی روشنی میں بلوچستان کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر میں تیزی سے چوبیس گھنٹے کام کیا جا رہا ہے۔ فوری نوعیت کے امور کو تیزی سے نمٹایا جا رہا ہے۔ اس ضمن میں پی سی او سی میں پہلے سے کورونا کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے صوبے بھر کی مانیٹرنگ جاری ہے جبکہ محکمہ اطلاعات کے تعاون سے لوگوں میں آگاہی مہم پہلے سے ہی شروع ہے۔ عید سے پہلے حکومت کی جانب سے لاک ڈاؤن میں کی جانے والی میں نرمی کی وقت میں عوام الناس بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

بھارت نے کوئی حماقت کی تو منہ توڑ جواب ملے گا

وزیر خارجہ

بھارت کا سرجیکل اسٹرائیک کا ڈرامہ ناکام ہو چکا ہے، اب فالس فلیگ آپریشن کے بہانے تلاش کر رہا ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے بھارت کو خبردار کیا ہے کہ اس نے کوئی حماقت کی تو منہ توڑ جواب ملے گا۔ جاری کیے گئے ایک بیان میں وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ پاکستان نے بھارت کا ایک اور ڈرون مار گرایا ہے اور جاسوسی کی ایک اور کوشش ناکام بنا دی ہے۔ بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

بلوچستان سے این ایف سی ایوارڈ کے غیر سرکاری رکن جاوید جبار رضا کارانہ طور پر مستعفی ہو گئے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سے این ایف سی ایوارڈ کے غیر سرکاری رکن جاوید جبار رضا کارانہ طور پر مستعفی ہو گئے تفصیلات کے مطابق بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

اس وقت ٹڈیاں ملک کے 154 میں سے 61 اضلاع میں حملہ آور ہیں، این ڈی ایم اے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے مطابق اس وقت ٹڈیاں ملک کے 154 میں سے 61 اضلاع بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں کورونا وائرس کی مثبت کی شرح بڑھ کر 36 فیصد ہو گئی ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں کورونا وائرس کی مثبت کی شرح بڑھ کر 36 فیصد ہو گئی ہے کل مریضوں کا 6.5 فیصد بچوں کا بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

خان کوٹ کے علاقے میں بھوسے سے بھری ٹریکٹر ٹرالی الٹ گئی 1 شخص جاں بحق 6 افراد زخمی ہو گئے

تمبو (آن لائن) خان کوٹ کے علاقے میں بھوسے سے بھری ٹریکٹر ٹرالی الٹ گئی 1 شخص جاں بحق 6 افراد زخمی ہو گئے پولیس کے مطابق خان بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

جہانگیر ترین، خسرو بختیار سمیت سب کیخلاف کارروائی ہونی چاہیے، غلام سرور کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ہوا بازی غلام سرور خان نے کہا ہے کہ جہانگیر ترین اور خسرو بختیار سمیت جن جن کے نام شوگر کمیشن بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کی زیر صدارت قومی رابطہ کمیٹی کا اجلاس اتوار کے بجائے پیر کو ہوگا، لاک ڈاؤن میں نرمی یا سختی کا فیصلہ ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت قومی رابطہ کمیٹی کا اجلاس اتوار کے بجائے پیر کو ہوگا جس میں لاک ڈاؤن بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

اینٹی دھماکوں کا کریڈٹ نواز شریف کو جاتا ہے، راجہ ظفر الحق نے شیخ رشید کے دعوے کو مسترد کر دیا

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر مرکزی رہنما راجہ ظفر الحق نے وزیر ریلوے شیخ رشید کے دعوے کی تردید کرتے ہوئے بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

نواز شریف کی اہل خانہ کے ساتھ تصویر ہمارے نظام کا منہ چڑا رہی ہے، فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے سابق وزیراعظم نواز شریف کی اہل خانہ کے ساتھ منظر عام پر آنے والی بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

صنعت، زراعت اور چھوٹے کاروبار کے استحکام کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں، عمران خان

درآمدی خام مال، مشینری اور زرعی آلات پر ریلیف دیا جائے گا اور ایڈیشنل کسٹم ڈیوٹی 3 فی صد کم کی جا سکتی ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے آئندہ بجٹ میں ریلیف کے لیے خصوصی ہدایات دے دیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق عمران خان نے کہا کہ صنعت، زراعت اور چھوٹے کاروبار کے استحکام کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق بجٹ میں صنعت، بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

بغیر ستاویزات کیا یران میں داخل ہونیوالے 37 پاکستانی شہریوں کو ایرانی حکام نے گرفتار کر لیے

نوکنڈی (آن لائن) بغیر ستاویزات کیا یران میں داخل ہونیوالے 37 پاکستانی شہریوں کو ایرانی حکام نے گرفتار کر لیے حکام کیمطابق ہفتہ روز بغیر ستاویزات کیا یران میں داخل ہونیوالے 37 پاکستانی شہریوں کو ایرانی حکام نے گرفتار کر کے پاک ایران سرحد پر پاکستانی حکام کے حوالے کر دیا گیا جبکہ یہ پاکستانی شہری ایران کیرا سمجھ رہے بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

چینی سکینڈل پر بنائے گئے کمیشن کی رپورٹ ناکافی ہے، شاہد خاقان عباسی

اگر عمران خان کو نہیں بلائیں گے تو کمیشن کا کوئی فائدہ نہیں، جہاز حکومت پر پھرے گا اور وجہ چینی ہوگی، پریس کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ چینی سکینڈل پر بنائے گئے کمیشن کی رپورٹ ناکافی ہے، صرف توجہ ہٹانے کیلئے 347 صفحوں پر تحریر لکھی گئی، سکینڈل کے اصل ذمہ دار عمران خان، عثمان بزدار، شیخ حفیظ اور اسد عمر ہیں، اگر عمران خان کو نہیں بلائیں گے بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل شہر میں پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا، شدید گرمی میں اوتھل کے عوام پانی کی بوند بوند کو ترس گئے

اوتھل (آن لائن) لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل شہر میں پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا، شدید گرمی میں اوتھل کے عوام پانی کی بوند بوند کو ترس گئے، محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اوتھل کے ذمہ داران خواب خرگوش کی گہری نیند سو رہے ہیں تفصیلات کے مطابق لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل شہر کے مختلف محلوں جاموٹ کالونی، کچا کالونی سمیت دیگر محلوں میں پانی کا بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

لاہور وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد ریلوے ہیڈ کوارٹر میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ہمیں قومیت اور فرقوں میں تقسیم کرنا دشمنوں کی چال ہے، ضیاء اللہ لانگو

ہزارہ ٹاؤن میں افسوس ناک واقع رونما ہوا جس پر پوری قوم غم زدہ ہے غم و بربریت برپا کرنے والے ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائیگا، اب تک واقع میں 12 ملوث افراد کو گرفتار کیا جا چکا ہے

قانون سے بالاتر کوئی نہیں حکومتی رٹ کو جو چیلنج کرے گا ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے بھی ہزارہ ٹاؤن دوکان میں ہونے والے واقعے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے کہا کہ متعلقہ اداروں کو واقعے کی صاف شفاف تحقیقات کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کر دی گئی ہے کہ گزشتہ روز ہزارہ ٹاؤن میں افسوس ناک واقع رونما ہوا جس پر پوری قوم غم زدہ ہے غم و بربریت برپا کرنے والے ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائیگا، اب تک واقع میں 12 ملوث افراد کو گرفتار کیا جا چکا ہے، علاقہ ایس ایچ او کو ڈیوٹی سے غفلت برتنے پر معطل بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان جستا کا ہر شہری ہزارہ ٹاؤن واقعہ پر غم زدہ ہے

آگوئر بلوچستان جستا

ہزارہ ٹاؤن کے واقعہ میں ملوث عناصر کو جلد از جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے

سیاسی اتفاق رائے قائم نہ ہونے پر کام کرنے سے قاصر ہوں، جاوید جبار

البتہ وہ بلوچستان کی ترقی کے لئے رضاکارانہ طور پر خدمات سرانجام دیتے رہیں گے، سابق وفاقی وزیر سینیٹر (ر)

کوئٹہ (این این آئی) سابق وفاقی وزیر سینیٹر (ر) جاوید جبار نے کہا ہے کہ وہ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی، گورنر بلوچستان جسٹس (ر) امان اللہ یاسین زئی، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کے مشکر گزار ہیں کہ انہوں نے انہیں 10 ویں این ایف سی ایوارڈ کے لئے بلوچستان کا غیر سرکاری رکن مقرر کیا لیکن سیاسی اتفاق رائے قائم نہ ہونے پر وہ اس عہدے پر کام کرنے سے قاصر ہیں البتہ وہ بلوچستان کی ترقی کے لئے رضاکارانہ طور پر خدمات سرانجام دیتے رہیں گے، یہ بات انہوں نے ہفتہ کو این ایف سی ایوارڈ کے غیر سرکاری رکن کے طور پر مستعفی ہونے کے بعد اپنے جاری کردہ بیان میں کی، جاوید جبار نے کہا کہ پاکستان کو کوئی بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

لاہور ہیلتھ ورکر بی بی پاک دامن دربار کے بازار سے ایک شہری کا کورونا ٹیسٹ لے رہے ہیں

ماضی میں اسمگلنگ کیلئے پاکستان ہاکی ٹیم کا سہارا لیا گیا، حنیف خان کا انکشاف

کراچی (این این آئی) پاکستان ہاکی ٹیم کے سابق کپتان اور اولمپین حنیف خان نے انکشاف کیا ہے کہ 1983 میں اسمگلنگ کے لیے قومی ٹیم کا سہارا لیا گیا۔ ایک انٹرویو میں سابق کپتان حنیف خان نے الزام عائد کیا کہ 1983 میں ٹیم کا کپتان تھا اور پاکستان ٹیم ہانگ کانگ سے وطن واپس آ رہی تھی اور سامان میں گاڑیوں کے پارٹس، پیشموں بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

جاوید جبار نے یہ محسوس کیا کہ وہ این ایف سی میں جس صوبے کی نمائندگی کرنے جا رہے ہیں، اسلم بھوتانی

کے لوگوں کی اکثریت کی تقرری کے خلاف ہیں اور انہوں نے رضاکارانہ طور پر اس سے علیحدگی کا فیصلہ کیا جس پر وہ اگلے اس فیصلے کو سراہتے ہیں، ایم این اے

لسبیلہ (این این آئی) سابق سینیٹر جاوید جبار NFC سے بلوچستان کی نمائندگی سے مستعفی ہو گئے ایم این اے اسلم بھوتانی اور بلوچستان کی دیگر سیاسی قیادت کی تنقید بتایا جاتا ہے کہ سابق سینیٹر جاوید جبار کو ملک کے 10 ویں این ایف سی ایوارڈ کیلئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے صوبے کی نمائندگی کیلئے نامزد کیا تھا جس پر نہ صرف ایم این اے اسلم بھوتانی اور بلوچستان کی سیاسی قیادت نے اس نامزدگی پر اعتراض کیا تھا بلکہ ایم این اے اسلم بھوتانی نے پارلیمنٹ اور میڈیا میں آئی تقرری پر سخت موقف اپنایا اور ان اللہ کمرانی ایڈوکیٹ بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

ہزارہ ٹاؤن میں گزشتہ شب جس سفاکیت سے تین نوجوانوں کو نشانہ بنایا گیا، علی مدد جتک

اور اسے کسی اور رنگ دینے کی کوشش کی گئی یہ قابل مذمت ہے ایسے لوگ انسان کہلانے کے قابل نہیں، پاکستان پیپلز پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ ہزارہ ٹاؤن میں پیش آنے والا واقعہ انسانیت سوز اور کھلی بربریت ہے واقعہ میں ملوث عناصر اور افراد کو کڑی سزا دی جائے، شہید بلال اور اسکے زخمی ساتھیوں کے خاندانوں کے ساتھ اور دکھ درد میں برابر کے شریک ہیں، یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہی، انہوں نے کہا کہ ہزارہ ٹاؤن میں گزشتہ شب جس سفاکیت سے تین نوجوانوں کو نشانہ بنایا گیا اور اسے کسی اور رنگ دینے کی کوشش کی گئی یہ قابل مذمت بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

ہم عوام اور عوامی قوت پر یقین رکھتے ہیں، اختلافات جمہوریت کا حسن ہے، بلوچ

اگر عام لوگ اپنے قومی سیاسی و سماجی حقوق کے لئے اٹھ کھڑے ہوں تو فرسودہ نظام کے ذریعے حکمرانی کرنے والے ریت کی دیوار ثابت ہونگے

کچھ نظریہ اور شعور سے نہتے لوگ فرسودہ نظام کو خطرے میں دیکھ کر نظریاتی سیاسی کارکنوں سے خوف زدہ ہوئے ہیں، مرکزی رہنما روکن بلوچستان اسمبلی

خاران (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما روکن بلوچستان اسمبلی بلوچ نے کہا ہے کہ ہم عوام اور عوامی قوت پر یقین رکھتے ہیں اختلافات جمہوریت کا حسن ہے چار جماعتی اور بے روزگار ایکشن کمیٹی کے تحفظات درست اور قابل توجہ ہیں ان کی قربانیاں اور کوششوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اس ساری صورتحال کو اس نہج تک پہنچانے میں کچھ نظریہ اور شعور سے نہتے لوگ فرسودہ نظام کو خطرے میں دیکھ کر نظریاتی سیاسی کارکنوں سے خوف زدہ ہوئے ہیں ان خیالات کا اظہار بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما ایم پی اے خاران واجہ ثنا بلوچ نے چار جماعتی اتحاد کے بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

کورونا سے اموات ہفتوں میں 1600 سے زائد نئے کیسز سامنے آئے ہیں، لیاقت شاہوانی

میں اضافہ ہو رہا ہے دوران ڈیوٹی کورونا سے جاں بحق ہونے والے ملازمین کو شہدا پیکج دیا جائے گا

ہزارہ ٹاؤن واقعہ میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کی جا رہی ہے، ترجمان بلوچستان حکومت

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان بلوچستان حکومت لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ کورونا سے اموات کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے، دو ہفتوں میں 1600 سے زائد کیسز سامنے آئے ہیں، دوران ڈیوٹی کورونا سے جاں بحق ہونے والے ملازمین کے لواحقین کو شہدا پیکج دیا جائے گا۔ ہزارہ ٹاؤن واقعہ میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کی جا رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ عید کے بعد بازاروں میں ایس او پیز پر عملدرآمد میں بہتری آئی ہے، ڈاکٹرز، پیرامیڈکس، دیگر ملازمین جو کورونا کے خلاف جنگ کے دوران متاثر ہوئے انکے لئے اقدام اٹھایا ہے، کورونا سے لڑتے ہوئے شہید ہونے والے ملازمین کے اہل خانہ کو شہدا پیکج دیا جائے گا، ڈاکٹرز اور پیرامیڈکس کو یکم مارچ سے بونس دیا جائے گا۔ لیاقت شاہوانی نے کہا کہ صوبے میں 4 ہزار سے زائد کیسز سامنے آ چکے ہیں، کل کیسز کا 74 فیصد کیسز مئی کے مہینے میں سامنے آئے، صرف دو ہفتوں میں 1600 سے زیادہ کیسز سامنے آئے ہیں، بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

شہباز شریف کا ایک دن میں کورونا سے 78 افراد کے جاں بحق ہونے پر اظہار تعزیت اور تشویش

حکومتی نااہلی، غیر دانشمندی اور عاقبت نااندیشی سے کورونا وبا اس رفتار سے پھیل رہی ہے، اپوزیشن لیڈر

مشترکہ مفادات کونسل کا فوری اجلاس بلایا جائے، وفاقی و صوبے حالات کا از سر نو جائزہ لے کر اقدامات کریں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور قائد حزب اختلاف شہباز شریف نے ایک دن میں کورونا سے 78 افراد کے جاں بحق ہونے پر اظہار تعزیت اور تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومتی نااہلی، غیر دانشمندی اور عاقبت نااندیشی سے کورونا وبا اس رفتار سے پھیل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اموات کی بڑھتی تعداد ڈاکٹرز، ماہرین، تجزیہ نگاروں اور رہنما اس کے خدشات کی تصدیق ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی مجرمانہ لاپرواہی سے ڈاکٹرز اور سمجھ رکھنے والا ہر باشعور شخص بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

کورونا کی ویکسین اکتوبر کے آخر تک تیار ہو جائے گی، امریکی دواساز کمپنی کا دعویٰ

نیویارک (این این آئی) امریکی دواساز کمپنی نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کی ویکسین اس سال اکتوبر کے آخر تک تیار ہو جائے گی۔ امریکی دواساز کمپنی فائزر کے سی ای او البرٹ بورلا نے کہا کہ اگر حالات ٹھیک رہے اور ویکسین کی افادیت ثابت ہوئی تو اکتوبر کے آخر تک ویکسین سامنے لانے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ فائزر ایک جرمن کمپنی کے اشتراک سے بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

ہزارہ ٹاؤن میں افسوس ناک واقعہ جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، یعقوب خان ناصر

کوئٹہ میں کوئی نو گو ایریا نہیں ہونا چاہیے قانون سے کوئی طبقہ اور فرد بالاتر نہیں اگر کسی سے کوئی غلطی سرزد ہو بھی گئی تھی

تین معصوم پشتون نوجوانوں کو جس بے دردی کے ساتھ تشدد کا نشانہ بنایا گیا اسکی تاریخ میں کوئی مثال نہیں ملتی، سینیٹر

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر نائب صدر سینیٹ کے سٹینڈنگ کمیٹی بین الصوبائی رابطہ کے چیئرمین سینیٹر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ میں افسوس ناک واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے تین معصوم پشتون نوجوانوں کو جس بے دردی کے ساتھ تشدد کا نشانہ بنایا گیا اسکی تاریخ میں کوئی مثال نہیں ملتی انہوں نے کہا کہ بلال نورزئی کی شہادت اور دو زخمیوں پر ہر درد دل انسان افسردہ ہے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں کوئی نو گو ایریا نہیں ہونا چاہیے قانون سے کوئی طبقہ اور فرد بالاتر نہیں اگر کسی سے کوئی غلطی سرزد ہو بھی گئی تھی تو نظام کو قانون اپنے ہاتھ میں لینے کے بجائے انہیں پولیس کے حوالے کر دینے تو قانون خود راستہ تلاش کرتی انہوں نے کہا کہ واقعہ میں تمام ملوث ملزمان کو گرفتار اور انہیں فوری طور پر عدالتی کمیشن بنا کر بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

چیئرمین سینٹ کا نومنتخب سپیکر ایرانی مجلس شوریٰ کو فون، مبارکباد دی، مسئلے کی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے نومنتخب سپیکر ایرانی مجلس شوریٰ کو باضابطہ مبارک کا فون کر کے مسئلے و علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ چیئرمین سینٹ نے کہا کہ ایرانی قیادت کو عوام کی تقدیر بدلنے کے لئے خود آگے بڑھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کرونا وائرس بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

قانون ہاتھ میں لیکر نہتے نوجوانوں پر تشدد اور قتل کرنے سے معاشرے میں نہ صرف تشدد کے رجحانات کو فروغ حاصل ہوگا بلکہ نفرتوں کی نئی دیواریں کھڑی ہونگی، ترجمان نیشنل پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے ترجمان نے ہزارہ ٹاؤن واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے واقع کو انسانیت سوز اور کھلی دہشت گردی قرار دی۔ ترجمان نے واقع میں شہید ہونے والے جوان سال بلال نورزئی کے لواحقین سے اظہار تعزیت بھی کی ہے۔ پارٹی ترجمان نے واضح کی ہے کہ قانون ہاتھ میں لیکر نہتے نوجوانوں پر تشدد اور قتل کرنے بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

مستونگ میں وزیراعظم کے احساس کفالت پروگرام بندر بانٹ کی نظر

پلاٹ سکول میں قائم کیش ادا کرنے والے محلے کی جانب سے غیر قانونی طور فی کس مستحق سے 500 سے 1000 روپے تک کٹوتی کا انکشاف

مستونگ (این این آئی) مستونگ میں وزیراعظم کے احساس کفالت پروگرام بندر بانٹ کی نظر، پلاٹ سکول میں قائم کیش ادا کرنے والے محلے کی جانب سے غیر قانونی طور فی کس مستحق سے 500 سے 1000 روپے تک کٹوتی کا انکشاف۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم کی جانب سے لاک ڈاؤن سے متاثرہ غریب و نادار افراد کی مالی کفالت کے لیے "احساس پروگرام" کے تحت فی کس کو 12000 روپے کی امدادی رقم کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے کوئی نہ کرنے کے حوالے سے وزیراعظم اور دیگر حکام بالا کی واضح ہدایات بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

لاہور ڈی جی ریسکیو پنجاب ڈاکٹر رضوان نصیر ریسکیو ہیڈ کوارٹر میں کورونا مینجمنٹ کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

تھر میں کوئلے کے بجلی گھروں کی آلودگی سے 29 ہزار اموات ہو سکتی ہیں، تحقیق

6 ہزار میگاواٹ سے زائد کے کوئلے سے چلنے والے بجلی گھر ملک میں ترقی کے مختلف مراحل میں ہیں، رپورٹ

کراچی (این این آئی) آزادانہ تحقیقات کرنے والے ادارے نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ تھر میں موجود کوئلے کے پاور پلانٹ کی 30 سالہ آپریشنل مدت کے دوران 29 ہزار افراد آلودہ ہوا سے ہلاک ہو سکتے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سینٹر فار ریسرچ آن انرجی اینڈ کلین ایئر (سی آر ای اے) کی جانب سے آن لائن جاری کردہ پریزینٹیشن میں میں ادارے کو موجودہ رجحانات، صحت پر پڑنے والے اثرات کے ساتھ ساتھ فضائی آلودگی پر آزادانہ تحقیقات کرنے والا ادارہ کہا گیا۔ رپورٹ کا عنوان ہے بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

ملاکنڈ نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ ملاکنڈ ڈویژن سیاسی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاپتہ وزیراعظم کے پاس شعبہ صحت کا چارج بھی ہے، برطرف کیا جائے، مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی ترجمان مریم اورنگزیب نے وزیراعظم عمران خان کی برطرفی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ لاپتہ وزیراعظم کے پاس شعبہ صحت کا چارج بھی ہے، وزارت صحت تھیلے پر چل رہی ہے جس کا وزیر لاپتہ ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

آئندہ تین ماہ پاکستان کی سیاست سمیت ہر حوالے سے بڑے اہم ہیں، شیخ رشید

قوم کو بتانا چاہتا ہوں راجہ ظفر الحق، گوہر ایوب اور میرے علاوہ نواز شریف سمیت پوری کابینہ اینٹی دھماکے کرنے کے خلاف تھی

چوہدری برادران بڑے سمجھدار سیاستدان ہیں، عمران خان کی حکومت کہیں نہیں جا رہی، مزید پانچ ٹرینیں چلانے کا فیصلہ کیا ہے، پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ آئندہ تین ماہ پاکستان کی سیاست سمیت ہر حوالے سے بڑے اہم ہیں، ایسا نہیں ہو سکتا کہ چینی اکوائری میں ہمارے دور کی سہولتی کا کیس چھوڑ دیا جائے جبکہ گزشتہ دور کی 22 ارب کی سہولتی کی طرح ہماری حکومت کی 3 ارب کی سہولتی کا کیس بھی آگے بڑھے گا، عمران خان کے چوروں،

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

31 مئی 2020ء

ملک میں اب تک کورونا سے ہلاکتیں کی مجموعی تعداد 1395 ہوگئی

ملک میں کورونا سے مزید 30 افراد انتقال کر گئے جس کے بعد اموات کی مجموعی تعداد 1395 ہوگئی، نئے کیسز سامنے آنے کے بعد مریضوں کی تعداد 66457 تک پہنچ گئی ہے، 24131 مریض صحتیاب ہوگئے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کے مطابق ملک بھر سے اب تک کورونا کے مزید 1398 کیسز اور 30 ہلاکتیں سامنے آئی ہیں جن میں پنجاب سے 1140 کیسز 29 اموات، بلوچستان 159 کیسز، اسلام آباد 92 کیسز اور آزاد کشمیر سے 7 کیسز اور ایک ہلاکت رپورٹ ہوئی ہے۔ پنجاب سے کورونا کے مزید 1140 کیسز اور 29 ہلاکتیں سامنے آئی ہیں جس کی تصدیق پی ڈی ایم اے نے کی۔ صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے مطابق صوبے میں کورونا کے مریضوں کی مجموعی تعداد 24104 اور ہلاکتیں 439 ہوگئی ہیں۔ صوبے میں اب تک کورونا سے صحتیاب ہونے والوں کی تعداد 6507 ہوگئی ہے۔ بلوچستان میں کورونا کے مزید 159 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں جس کی تصدیق محکمہ صحت کی جانب سے کی گئی ہے۔ صوبے میں کل کیسز کی تعداد 4087 ہوگئی ہے، اب تک 46 اموات ہوچکی ہیں اس کے علاوہ صوبے میں کورونا سے صحت یاب ہونے والے مریضوں کی تعداد 1400 ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز بلوچستان کے محکمہ صحت کی جانب سے صوبے میں کورونا سے ہونے والی اموات کی تعداد 60 بتائی گئی تھی جسے بعد میں کم کرکے 46 کردیا گیا۔ وفاقی دارالحکومت سے کورونا وائرس کے مزید 92 کیسز سامنے آئے ہیں جس کی تصدیق سرکاری پورٹل پر کی گئی ہے۔ پورٹل کے مطابق اسلام آباد میں کیسز کی مجموعی تعداد 2192 ہوگئی ہے، اموات 23 ہوچکی ہیں۔ اسلام آباد میں اب تک کورونا وائرس سے 161 افراد صحتیاب ہوچکے ہیں۔ آزاد کشمیر میں کورونا کے مزید 7 کیسز اور ایک ہلاکت سامنے آئی ہے جس کی تصدیق سرکاری پورٹل پر کی گئی ہے۔ حکومتی اعداد وشمار کے مطابق علاقے میں کورونا کے مریضوں کی تعداد 234 ہوگئی ہے، علاقے میں اب تک وائرس سے 6 افراد جاں بحق ہوچکے ہیں۔ سرکاری پورٹل کے مطابق آزاد کشمیر میں کورونا سے اب تک 105 افراد صحت یاب ہوچکے ہیں۔

31 مئی زخموں کو ہرا کردیتا ہے

صحرا، سڑکوں اور گھنے درختوں پر مشتمل وادی، کوئٹہ پر کئی قیامتیں گذری ہیں اس کے سینے پر کئی زخموں کے گھاؤ لگے ہیں مگر وقت کے مرہم سے ہر زخم بھر گیا، تاہم کچھ زخم ایسے ہوتے ہیں جن کا گھاؤ کبھی نہیں بھرتا ایسا ہی ایک زخم 31 مئی 1935ء کو لگا تھا جو ہر سال ہرا ہو جاتا ہے۔ وہ دن تو قیامت خیز تھا جب کوئٹہ تیس سیکنڈ میں پورا الٹ پلٹ ہوگیا۔ اس وقت بلوچستان کے عظیم لوگ اس دنیا سے چلے گئے۔ جی ہاں وہ دن تھا 31 مئی 1935ء کا، جب کوئٹہ میں ایک بڑا زلزلہ آیا تھا جس نے پورے شہر کو آناً فاناً مٹی کے ڈھیر میں تبدیل کردیا اور ایک اندازہ کے مطابق چالیس ہزار افراد ہلاک ہوگئے تھے۔ اس قیامت خیز زلزلہ نے کوئٹہ کو بالکل تباہ کردیا اور شہر کی عمارتوں کا نام ونشان تک نہ چھوڑا تھا۔ لوگ اپنے پیاروں کو کئی کئی ماہ تک عمارتوں کے نیچے تلاش کرتے رہے۔ یہ زلزلہ 7.1 کی شدت کا تھا۔ اس روز کے بعد اکثر لوگوں نے زلزلے کے خوف سے کوئٹہ کا رخ کرنا چھوڑ دیا، لیکن گرمی کی شدت نے ان لوگوں کو دوبارہ کوئٹہ شہر آباد کرنے پر مجبور کردیا تھا۔ رات تین بج کر تین منٹ پر زمین ہچکولے کھانے لگی۔ لوگ ہڑبڑا کر اٹھ بیٹھے، چیخ وپکار کے علاوہ کچھ سنائی نہ دیتا تھا۔ ساٹھ ہزار آبادی پر مشتمل کوئٹہ، صرف تیس سیکنڈ میں ملبے کا ڈھیر بن گیا۔ شہر کے شمال مغرب میں واقع، رائل ایئر فورس کا بیس مکمل طور پر تباہ ہوگیا، جس میں 55 افسران بھی ہلاک ہوگئے۔ پولیس لائنز، دربار ہال، پوسٹ آفس، ٹیلی گراف آفس، سول اسپتال اور مشن اسپتال بھی ملبے کا ڈھیر بن گئے جب کہ ریزیڈینسی، کوئٹہ کلب اور ریلوے کوارٹرز بھی تباہ ہوگئے۔ 30 مئی کی رات نیا چاند نکلا تھا، اس وجہ سے قدرے اندھیرا تھا اور موسم بھی کچھ سرد تھا۔ اس وقت کے پولیٹیکل ایجنٹ کے مطابق، صرف قلات میں 3250 افراد جاں بحق ہوئے۔ سوراب کے گاؤں، نوک کے پہاڑی سلسلے سے لاوا اور دھواں نکلتے دیکھا گیا

مستونگ میں 95 مکانات گر گئے اور بدقسمتی سے ان میں مقیم کوئی بھی شخص زندہ نہ بچ سکا۔ اتنی بڑی تعداد میں لوگوں کے کوئٹہ سے جانے کے بعد شہر ویران ہو گیا۔ حکومت ہند نے تو اگلے تیرہ ماہ میں کوئٹہ کی تعمیر نو مکمل کرنے کا اعلان کیا تھا، مگر عوام اور حکومت نے مل کر اس جاں فشانی سے کام کیا کہ صرف 6 ماہ ہی میں نیا کوئٹہ وجود میں آگیا۔ مگر زخم اب بھی ہرا ہے۔ کوئٹہ کے پرانے باسی 82 سالہ ڈاکٹر نور یاسین اپنے بڑوں سے سنی ہوئی روداد بتاتے ہوئے کہتے ہیں کہ 30 مئی 1935 کو معمول سے زیادہ گرمی تھی، لوگ گھروں کی چھتوں کے اوپر سوئے ہوئے تھے کہ مٹی کا طوفان چلنے لگ گیا اور پھر اچانک سے شدید زلزلہ آیا اور، 70 ہزار افراد لقمہ اجل بنے سینکڑوں زخمی ہوئے، 10 ہزار لوگ بچ گئے مرنے والے میں ان کے خاندان کے سات افراد بھی تھے۔

بعد کوئٹہ فالٹ لائن پر دوبارہ 1935 جیسے زلزلے کے خدشات پیدا ہوگئے ہیں سائنس کے مطابق اس طرح کے خطرناک زلزلے ہر سو سال بعد دوبارہ آتے ہیں اس فالٹ پر توانائی کافی جمع ہوچکی ہے اور زلزلے کے امکانات پھر نمودار ہو رہے ہیں 1935 سے لیکر آج تک ہر سال 8 ملی میٹر زمین فالٹ لائن کے ساتھ سرک رہی ہے کوئٹہ کے آس پاس سارے پہاڑ اس انرجی کو سٹور کر رہے ہیں، زمین کے نیچے نیچرل فورسز تسلسل کیساتھ چل رہی ہیں، بڑے زلزلے جہاں بھی آتے ہیں سو سال بعد وہ دوبارہ دہرائے جاتے ہیں مطلب زمین کا سرکنا سطح پر تو نظر آرہا ہے لیکن یہ سرکنا زیر زمین اٹک چکا ہے، یہ اٹکنا اس وقت تک رہے گا جب تک زلزلہ نہیں آجاتا جیسے ہی دوسرا زلزلہ آتا ہے یہ یہ دراصل قوتیں کا اثر ظاہر ہوجاتا ہے۔

زلزلے کا مرکز ہلیلی کے قریب تھا تو کا پہاڑ تھا، شہر کے وسط سے گزرنے والے سٹی نالے سے اسطرف چھاؤنی تھی جہاں زلزلے کے جھٹکے کی شدت کم محسوس ہوئی تھی زلزلے کے بعد تمام مواصلاتی رابطے منقطع ہوچکے تھے تو اس وقت کے اسٹاف کالج کے انسٹرکٹر جنرل کچھ باہر آئے تو دیکھا ہر جانب آگ لگی ہوئی تھی ہر طرف لوگوں کی چیخ وپکار تھی، انہوں نے اپنی گاڑی نکالی اور جا کر فوج کے اعلیٰ افسران کو اطلاع دی ڈاکٹر نور یاسین بتاتے ہیں کہ زلزلہ تین بج کر تین منٹ پر آیا اور پانچ بج کر 20 منٹ تک برطانوی فوج نے شہر کا کنٹرول سنبھال کر شہر میں نقشے کے مطابق آگ بجھانی شروع کی فیلڈ اسپتال قائم کردیے، لوگوں کو ریسکیو کیا طبی امداد فراہم کی ریلوے ٹریکس کو ملبہ صاف کرکے بحال کردیا۔

ماہر ارضیات پروفیسر دین محمد کا کہنا ہے کہ 83 سالوں کے ساحل پر نصب عظیم الشان مجسمہ بیلوس بھی تباہ ہوگیا جس کا شمار دنیا کے سات عجائبات میں ہوتا ہے۔

63 عیسوی میں اٹلی کے شہر پومپائی میں زبردست زلزلہ آیا جس سے اس کی تمام عمارتیں خاک میں مل گئیں۔ پھر اس شہر کی از سر نو تعمیر میں 16 سال لگ گئے مگر 24 اگست، 79 میں یہاں دوبارہ زلزلہ آیا اور اس شہر کے پہاڑ کوہ وسیوس کا آتش فشاں پھٹ پڑا چنانچہ پومپائی اور ہرکولینم شہر مکمل طور پر تباہ ہوگیا۔ تاریخی حوالوں کے مطابق تقریباً 25 ہزار افراد لقمہ اجل بنے۔ 365ء میں یونان کے جزیرہ کریٹ میں زلزلہ آیا جس سے اس کا شہر کنوسس کل 50 ہزار نفوس کے ساتھ برباد ہوگیا۔ اس زلزلے کی شدت کا اندازہ 1.8 میگنیٹیوڈ لگایا گیا ہے۔ تاریخ میں اسی سال لیبیا کے شہر سیرین Cyrene میں بھی ایک زلزلہ کا تذکرہ ملتا ہے۔

20 مئی، 526ء کو شام کے شہر انطاکیہ Antiochia میں خوفناک زلزلے سے ڈھائی لاکھ افراد جاں بحق ہوگئے۔ 844ء میں دمشق شہر میں شدید زلزلہ آیا جس سے تقریباً 50 ہزار جانیں ضائع ہوئیں، ماہرین کا خیال ہے کہ ریکٹر اسکیل کے مطابق اس کی شدت 5.6 رہی ہوگی۔ 847ء میں دمشق میں دوبارہ زلزلہ آیا۔ 70 ہزار افراد ہلاک ہوئے اور تقریباً نصف شہر تباہ ہوگیا، سائنسدان اس زلزلہ کی شدت 3.7 میگنیٹیوڈ سے زیادہ بتاتے ہیں۔ اسی سال عراق کے شہر موصل میں بھی زلزلہ آیا جس سے 50 ہزار افراد لقمہ اجل بنے۔ 22 دسمبر، 856ء کو ایران میں زلزلے سے تباہی ہوئی جس سے دمغان اور قومیس شہر کو نقصان پہنچا اور کل دو لاکھ افراد جاں بحق ہوئے۔ اسی سال یونان کے شہر کورنتھ میں بھی زلزلے سے 45 ہزار جانیں ضائع ہوئیں۔

تعلیم، تعلیمی ادارے اور ہماری ذمہ داری

ابوبکر دانش میروانی

نجی تعلیمی اداروں کی ذمہ داراں اور حکومت کے درمیاں تعلیمی اداروں کی بندش کے خلاف ایک سرد جنگ جاری ہیں، آل پاکستان پرائیوٹ اسکولز ایسوسی ایشن نے یکم جون سے ملک بھر میں اسکول کھولنے اعلان بھی کرچکی ہے، دوسری طرف حکومت پندرہ جولائی تک تعلیمی ادارے بند کرنے کا اعلان کرچکا ہے، اسکول انتظامیہ اس اعلان کے خلاف سراپا احتجاج ہیں، اور یہ احتجاج اپنی جگہ ٹھیک ہے کیونکہ تعلیمی اداروں کے علاوہ مارکیٹیں، ہوٹلز ریسٹورنٹس، وغیرہ کھل گئے ہیں تو تعلیمی اداروں کا کیا قصور، اگر تعلیمی اداروں کے بندش اور بڑھ گئی تو بچوں کے تعلیم پر بہت بڑا اثر پڑ سکتا اور اکثر بچے اسکول چھوڑ بھی سکتے ہیں، ویسے بھی مسلمان بچوں میں سلسلۂ تعلیم کو منقطع کردینے کا تناسب بہت زیادہ ہے، بہت سے طلبہ تو ساتویں آٹھویں جماعت ہی میں تعلیم منقطع کردیتے ہیں، اور اسکے بعد تو تعلیم چھوڑنے کا سلسلہ بہت زیادہ ہے، مسلمان نوجوانوں میں گریجویشن تک پہونچنے کا تناسب برادران وطن کی یہ نسبت کافی کم ہے، اور یہ ایک افسوس ناک حقیقت ہے کہ جس امت کو سب سے پہلے پڑھنے پڑھانے کا سبق دیا گیا، وہ تعلیم میں غفلت کے اعتبار سے ضرب المثل بنی ہوئی ہے۔

ہم دن ورات جن اقوام کے ساتھ رہتے ہیں، ان کے یہاں حصول تعلیم کا جذبہ جتنا ہے پتا ہے، ہم ابھی اس میں بہت پیچھے ہیں، اس وقت صورت حال یہ ہے کہ دلت جنھیں ہندوستانی معاشرہ میں کوے اور چیل کے برابر سمجھا جاتا تھا، تعلیم کے میدان میں وہ بھی نمایاں مقام حاصل کرنے کے لئے شب وروز کوشاں ہیں، جن گھروں میں اسکول جانے کا کوئی تصور نہیں تھا، اور بچے عقل وہوش سنبھالتے ہی اپنے ہاتھوں میں کدال اور پھاوڑے لے کر محنت ومزدوری کے لئے کھیتوں اور بازاروں میں گھومتے رہتے تھے، اب ان کی پیٹھ پر کتابوں کے بھاری بیگ ہوا کرتے ہیں اور انھوں نے اسکول کی دنیا کو اپنے آپ سے آباد کر رکھا ہے؛ لیکن ہم مسلمانوں کا حال یہ ہے کہ ہمارا سفر پیچھے کی طرف ہے، ہم نے ترقی کی بجائے تنزل کو اور محنت کی بجائے تن آسانی وسہل انگاری کو اپنی منزل بنالیا ہے۔

اس کے کئی اسباب ہیں، پہلا سبب تعلیم کے معاملہ میں ہماری بے شعوری ہے، مسلمانوں میں آج بھی ایک بڑی تعداد ان لوگوں کی ہے جو تعلیم کی اہمیت سے نابلد ہیں، مسلمانوں میں جو مزدور اور کم معاش طبقہ ہے، وہ ابھی تک اسی فکر کا اسیر ہے کہ اپنے بچوں کو پتھر پھوڑنے، ہوٹلوں کی میز صاف کرنے اور اس طرح کے دوسرے کاموں میں لگا دیا جائے؛ تاکہ یومیہ دس بیس روپے آجائیں اور (جاری ہے)

کورونا اور ہمارا رویہ

یہ کورونا موروثا کچھ نہیں ہے، یہ سب یہودیوں کی سازش ہے، مسلمانوں کو تو یہ چھو بھی نہیں سکتا، یہ سارا گیم ڈالرز کا ہے، قرضے معاف کروانے کا پلان ہے، پاکستانی کورونا دو نمبر ہے اس کا اثر نہ ہونے کے برابر ہے، یہ ایک سادہ زکام ہے بس، دیکھنا رمضان میں کورونا فنا ہوجائے گا، یہ ہمیں مساجد میں عبادتوں سے روکنے کی ایک سازش ہے، ماسک کیوں پہنا ہے اتنا ایمان کمزور ہے آپ کا؟ یہ ہیں وہ سارے نظریات جو کورونا کے وارد ہونے کے بعد سے ہم لوگ سنتے آئے ہیں۔

اس وقت پاکستان میں کورونا وائرس کی وجہ سے بیماری کے شکار افراد کی تعداد ساٹھ ہزار سے تجاوز کرگئی ہے، کووڈ-19 کی وجہ سے پوری دنیا میں لاکھوں لوگ زندگی کی بازی ہار گئے ہیں جبکہ آئے روز ہزاروں کی تعداد میں نئے کیسز بھی سامنے آرہے ہیں مگر عوام ہے کہ بالکل احتیاط نہیں برت رہی۔ عید سے پہلے اور عید کے بعد بازاروں میں اتنا رش کہ شاید عام عیدوں پر بھی نہیں دیکھا گیا ہو، گاڑیاں تو اتنی زیادہ کہ رش ہونے کی وجہ سے چیونٹی کی رفتار سے آگے بڑھ رہی تھیں انسانوں کا ایک دوسرے سے گزر کر جانا محال تھا، ہر جگہ، ہر دکان، ہر بازار میں یہی عالم رہا، نہ کوئی ماسک اور نہ حکومتی ایس او پیز پر کوئی عمل درآمد کھائی دیا۔

ان سب مشاہدات کے بعد میں نے تین بنیادی نتائج اخذ کئے، اول یہ کہ عوام انتہائی کم علمی اور لاپرواہی کا شکار ہے، کم علمی کو شدید الفاظ میں "جہالت" بھی کہتے ہیں مگر لاپرواہی اتنی کہ نہ اپنی صحت کا خیال نہ اپنی فیملی کی حالت کی کوئی فکر۔ حالانکہ اب تو ہر جگہ کورونا وائرس سے بچنے کی احتیاطی تدابیر نظر آرہی ہیں چاہے وہ موبائل فون پر کال کرتے وقت ہو، الیکٹرونک میڈیا ہو، سوشل میڈیا ہو، اخبارات ہوں آگاہی مل رہی ہوتی ہے۔ باوجود اس کے ہر کوئی جانتے ہوئے بھی انجان بنا ہوا ہے۔

دوسری بات یہ کہ اس ملک میں ہمیشہ ایسے حالات اور واقعات رہے ہیں کہ جن کو پہلے ایک طرح سے پیش کیا جاتا رہا مگر بعد میں واپس ماضی کو غلط کہہ کر کچھ اور کہا جاتا رہا جس کی وجہ سے عوام کا حکمرانوں، میڈیا اور اس سسٹم پر اعتبار نہیں رہا۔ جیسے کہ وہ ایک واقعہ بھی مشہور ہے جس میں گاؤں کا چرواہا لوگوں کو ڈرانے کی خاطر شیر کے آنے کا ڈرامہ کرتا رہا مگر ایک دن جب حقیقت میں شیر آیا تو وہ اپنا اعتبار کھو بیٹھا تھا اور شیر ساری مویشی کھا گیا۔

تیسری بات سوشل میڈیا پر جھوٹی اور غیر مصدقہ خبروں کی بھرمار ہے۔

دیہاتوں میں چونکہ لوگوں کی ٹی وی اور اخبارات تک رسائی نہیں ہے تو لوگوں کا واحد ذریعہ سوشل میڈیا ہی رہ گیا ہے جس کی وجہ سے غلط، بغیر تصدیق اور سنسنی سے بھرپور خبروں نے عوام کو اپنی لپیٹ میں لیا ہوتا ہے اور لوگوں کی اکثریت اس پر بھروسہ بھی کرتی ہے۔

ڈبلیو ایچ او اور پاکستانی ڈاکٹرز بار بار تجویز کرچکے ہیں کہ لاک ڈاؤن کو ختم کرنا انتہائی نقصاندہ ہے اور تیزی سے کرونا کیسز بڑھنے کا شدید اندیشہ ہے مگر پاکستان جیسے ترقی پذیر اور مسائل کے شکار ملک میں زیادہ آبادی غربت کا شکار ہے اور انکا واحد ذریعہ معاش محنت مزدوری ہے، لاک ڈاؤن کی صورت میں ایسے خاندانوں کی حالت قابل تک آپہنچی۔ ایسے صورت حال میں حکومت کے لئے بھی فیصلہ کرنا مشکل ہے کہ پبلک کو کورونا سے بچانا ہے کہ غربت سے۔

میرے یہ آرٹیکل لکھنے تک حکومت پاکستان کے قائم کردہ کورونا ڈیٹیکشن بورڈ کے اعداد وشمار کے مطابق اس وقت پوری دنیا میں تقریباً 59 لاکھ کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، جبکہ 3 لاکھ 60 ہزار سے زائد افراد زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ پاکستان میں اس وقت 64028 کورونا مثبت کیسز رپورٹ ہوئیں ہیں جبکہ کورونا سے اموات کی تعداد 1317 ہے۔ بلوچستان جیسی کم آبادی والے صوبہ میں بھی کورونا مثبت کیسز میں خطرناک حد تک اضافہ ہوا ہے، اس وقت کل 3928 کیسز رپورٹ ہوئیں ہیں مگر بلوچستان کے مختلف اضلاع میں ٹیسٹنگ سہولت نہ ہونے کی وجہ سے یہ کیسز اس سے بھی زیادہ ہونے کا اندیشہ ہے۔ کوئٹہ کے بعد ضلع پشین میں اس حوالے سے کئی قیاس آرائیں کی جارہی ہے کہ کورونا کیسز بڑھ رہی ہیں اور آئے روز بزرگوں کی اموات اس شک کو یقین میں بدل رہی ہے۔

یہ ایک الگ بحث ہے کہ کورونا قدرتی آفت ہے یا پھر انسان کی پیدا کردہ ایک سازش ہے مگر اس بات سے ہرگز انکار ممکن نہیں کہ کورونا ہماری لاپرواہی کی وجہ سے خطرناک رفتار سے پھیل رہا ہے اور انسانی زندگیوں کو بے دردی سے نگل رہا ہے۔

لہذا ضرورت اس امر کی ہے کہ عوام ذمیداری کا مظاہرہ کریں اور ڈاکٹرز کی طرف سے دی گئی ہدایات پر سختی سے عمل کریں، حکومت کو بھی لاک ڈاؤن والے آپشن پر آخرکار مجبوری سے واپس سوچنا ہوگا نہیں تو خدانخواستہ ایک ایسے ناقابل تلافی نقصان کا اندیشہ ہے کہ جس کا انجام قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر منتج ہوتا دکھائی دیتا ہے۔ کیونکہ نہ تو ہماری صحت کے شعبہ میں اتنی سکت ہے کہ وہ زیادہ مریضوں کو سنبھال سکے اور نہ ہمارے پاس اتنے وسائل ہیں کی اس صورتحال کو قابو کیا جاسکے۔

عوام کو اس اپیل پر توجہ دینی ہوگی کہ براہ مہربانی گھروں میں رہیں، محفوظ رہیں اپنے لئے اور اپنے پیاروں کے لئے۔

اللہ ہم سب کی حفاظت کریں۔ آمین

کرونا مریض انفیکشن سے موت تک کا سفر

رحیم دین بگٹی

ایک مریض جو گذشتہ ہفتے فوت ہوا۔ آیئے جانتے ہیں کہ کس طرح ایک ہفتے میں کورونا انفیکشن موت کا باعث بن سکتا ہے۔ مریض پر دستیاب محدود معلومات کی وجہ میں مزید ضروری تفصیلات شامل نہیں کرسکا۔

مئی 7۔ مریض کو سر درد محسوس ہوا اور اسے ہلکا بخار

مئی 8۔ مریض کو سانس لینے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑا، اور اس نے اینٹی بائیوٹک ٹریک کا آغاز کیا۔

اس مرحلے پر، کنبہ اور مریض کو احساس ہوا کہ یہ کورونا وائرس ہوسکتا ہے۔ یہاں سے ہر دن اور ہر گھنٹہ بہت اہم تھا۔

انہوں نے پھر بھی اسپتال سے رابطہ کرنے کا انتظار کیا جو بعد میں جان لیوا ثابت ہوا۔

مئی 10: بخار بڑھ رہا تھا اور 104 تک پہنچ گیا۔

مئی 11: مریض کو اسپتال میں داخل کرایا گیا۔ آکسیجن کی سطح کی جانچ پڑتال کی گئی اور اسے 94 پر پایا گیا۔ ڈاکٹر نے نمونیا کے سیریس کیس کی تشخیص کی لیکن بہتری کے آثار دیکھے جاسکتے تھے۔

مئی 13: آکسیجن کی سطح 96، مریض اب بھی بہتر ہو رہا تھا۔

مئی 14: صبح سویرے، اسپتال نے اہل خانہ کو فون کیا گیا کہ وہ مریض کو وینٹیلیٹر پر رکھنے کی اجازت چاہتے ہیں کیونکہ آکسیجن میں مسلسل کمی آرہی تھی۔

اسی دن، مریض وینٹیلیٹر پر دو گھنٹوں میں فوت ہوگیا، شدید نمونیہ کی وجہ سے پھیپھڑے متاثر پائے گئے۔

پوری صورت حال کا تجزیہ:

کورونا وائرس کی متوقع تشخیص کیے بغیر بخار 2 دن تک معمول کے بخار کے طور پر لیا گیا تھا۔ آج، اگر ہمیں بخار یا کھانسی ہے، تو ہمیں یہ فرض کر لینا چاہئے کہ یہ کورونا ثابت ہوگا۔ یہ دو دن اہم تھے اور پھیپھڑوں پر اثر ہونا شروع ہوگیا اور اینٹی بائیوٹک کے ساتھ خود سے علاج معاون ثابت نہیں ہوا۔ یہ دو دن مریض سے کورونا فیملی میں منتقل ہونے کا سبب بنے۔ خاندان کے باقی افراد کو بچانے کے لئے یہاں فوری طور پر قرنطین کی ضرورت تھی۔

پانچ دن کے بعد، بخار کی شکل میں کورونا کی پہلی نشاندہی کے بعد سے، مریض کو اسپتال لے جایا گیا۔ 5 دن دیر ہونے سے پھیپھڑ پر بری طرح اثر پڑا ہے۔

جب مریض میں بہتری آرہی تھی تو اچانک کیوں اسپتال کے عملے نے مریض کو وینٹیلیٹر لگانے کا سوچا اور پھر بھی مریض وینٹی لیٹر لگانے کے بعد گھنٹوں میں ہی دم توڑ گیا۔ یہاں لگتا ہے کہ اسپتال سے کچھ غفلت برتی گئی، وہ بگڑتی ہوئی حالت کو بروقت نہیں دیکھ سکے اور وینٹی لیٹر پر مریض ڈالنے میں دیر کردی۔ کورونا مریض کے ساتھ کوئی فیملی ممبر نہیں ہوسکتا اور مریض مکمل طور پر اسپتال کے عملے کے رحم وکرم پر ہوتا ہے اور اسپتال کی کسی بھی غفلت کا پتہ نہیں چلے گا، چاہے اس کی وجہ سے موت واقع ہو جا۔ یہ کورونا علاج کی ایک افسوسناک حقیقت ہے۔

مجھے یقین نہیں ہے کہ ہمارے کسی محکمہ صحت میں سے کسی نے بھی کسی سطح پر ایسی آگاہی پیدا کی ہے جہاں ہر مریض کی حالت "روزانہ کی بنیاد پر" کو عوامی شعور کے لیے پھیلایا گیا ہوتا کہ لوگوں کو مطلوبہ ایکشن کے بارے میں بہتر طور پر تیار کیا جاسکے۔ مجھے یہ بھی افسوس ہے کہ میڈیا کے کسی بھی حصے نے اس طرح کی آگاہی کی کوشش نہیں کی۔

پھر بھی یہ تبصرہ ناکافی ہے کیوں کہ میں 16 مئی سے لے کر 25 مئی تک گھر میں اور بعد میں اسپتال میں مریض کو دیئے جانے والے علاج کی تفصیلات نہیں جانتا اور نہ کوئی ایکسپرٹ تجویز دے سکتا ہوں۔

آنے والے دنوں میں، اسپتالوں کی استعداد مریضوں کو بچانے کے لئے کافی نہیں ہوگی، جو ہمیں ایک سنگین سوال کی طرف لے جاتا ہے۔ کیا ہم نے اسپتالوں کے بغیر کورونا مریض کے انفرادی سطح کے علاج معالجے اور ونٹیلیٹنگ کے کے بارے میں سوچا ہے؟ یہ صورتحال جلد ہی آرہی ہے، یہ انتہائی ضروری ہے کہ اس ممکنہ منظرنامے کو پورا کرنے کے لئے "ابتدائی طبی امداد" سے متعلق خود سے متعلق علاج کے بارے میں شعور پیدا کیا جا۔

جان بچانے کیل غیر روایتی آپشن بھی لی جاسکتی ہے، لیکن کیا ہم جانتے ہیں کہ وہ ریموٹ آپشنز کیا ہیں؟ عوام کو کون نصیحت کرے گا؟ کون بیداری پیدا کرے گا؟ ہمیں جان بچانے کے علاج کی حکمت عملی کو بہتر بنانا چاہئے۔

آیئے یہ سوالات تمام صوبوں اور علاقوں اور خاص کر میڈیا پر زیر بحث لا جائیں

کیا ہم نے نجی اسپتالوں اور فارمیسیوں کے کردار پر تبادلہ خیال کیا ہے جب ایک بار سرکاری اسپتالوں کی صلاحیت کم ہوجائے گی؟ ہمیں نجی اسپتالوں کو کورونا علاج، وینٹیلیٹر اور اسولیشن کے کمروں کی دستیابی کے لئے حوصلہ افزائی کرنا چاہئے۔ ہمیں نجی دوائیوں کے ساتھ کورونا مریض کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے لیے فارمیسیوں کو تیار کرنا چاہئے۔

کیا ہم نے گھر میں قرنطینہ کے بارے میں شعور پیدا کیا ہے؟

کیا ہم مزید طبی مراکز کی تیاری کر رہے ہیں؟ مزید پھیلنے کی صورت میں ہرڈ امینوٹی ہمارا آپشن نہیں ہوسکتا، یہ صرف فطرت کا اختیار ہے جب انسان وبائی مرض پر قابو پانے میں ناکام ہوجاتا ہے تو یہ مکمل ہو گا اور اسکا مطلب ہے کہ وائرس پاکستان کی 70 آبادی کو متاثر کرے گا۔ پاکستان میں ہرڈ امینوٹی کا مطلب ہے کہ 10 سے 20 ملین افراد کو کھونا۔ میری عاجز رائے کے مطابق، ہرڈ امینوٹی کو حکمت عملی کے طور پر بات کرنا جرم ہے۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

امریکہ نڈھال، چین اگلا سپر پاور

میر سعید اللہ بزنجو

عالمی سیاسیات میں چین اور امریکہ روایتی حریف سمجھے جاتے ہیں، تاحال امریکہ سپر پاور ہے اور عالمی اقتدار کی اس دوڑ میں اگر کوئی اور ملک شامل ہے تو وہ چین ہے جو دنیا کی دوسری بڑی معیشت ہے۔ امریکہ اور چین کی مخالفت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ کورونا وائرس کی تباہ کاریوں کے باوجود دونوں طاقتیں ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کی کوشش کررہی ہیں۔ شاید یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ امریکہ اپنے روایتی حریف چین سے خوفزدہ ہے کہ کہیں چین اقتدار کی اس جنگ میں اس کو شکست نہ دیدے۔

کورونا وائرس جب چین کے شہر ووھان میں پھیلا تو امریکی حکام کی طرف سے سفارتی آداب کے منافی بیانات دیکھنے کو ملے، 31 جنوری کو امریکہ کے سیکرٹری برائے تجارت ولبر روس نے ایک انٹرویو میں کہا تھا کہ چین میں پھیلنے والا وائرس امریکی معیشت کے لیے مثبت ثابت ہوسکتا ہے۔ اس کے بعد امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کورونا وائرس کو ووھان وائرس کا نام دیا تھا جس پر چینی حکام کی طرف سے شدید ردعمل سامنے آیا۔ امریکی صدر کے ووھان وائرس کے طنز کے جواب میں چین کی جانب سے امریکہ پر الزام عائد کیا گیا کہ ووھان میں پھیلنے والا وائرس امریکہ نے پھیلایا ہے۔ چینی حکام نے الزام عائد کیا کہ اکتوبر میں وہاں ہونے والی ملٹری گیمز میں شرکت کرنے والے امریکی فوجیوں نے کورونا وائرس وائرس پھیلایا۔

امریکی صدر نے یہیں پر بس نہیں کیا، کچھ دن پہلے ٹرمپ نے عالمی ادارہ صحت پر الزام لگاتے ہوئے کہا کہ تائیوان نے انسانوں سے انسانوں میں وائرس منتقلی کی وارننگ دی تھی اور عالمی ادارہ صحت نے ان کی ابتدائی وارننگ نظرانداز کرکے چینگ کی مدد کی۔ امریکی صدر نے الزام عائد کیا تھا کہ چین نے دنیا سے کورونا کی ہولناکی کو چھپایا تھا۔ حتیٰ کہ ٹرمپ نے تائیوان وارننگ نظرانداز کرنے پر عالمی ادارہ صحت کو فنڈنگ روکنے کی دھمکی بھی دی تھی۔

صدر ٹرمپ کی دھمکی کے بعد عالمی ادارہ صحت نے سخت ردعمل کا اظہار کیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق عالمی ادارہ صحت کے ڈائریکٹر جنرل کے مشیر بروس ایلوارڈ نے امریکی صدر کے بیان کو مسترد کرتے ہوئے کہا تھا کہ ڈبلیو ایچ او (عالمی ادارہ صحت) ایک غیر جانبدار ادارہ ہے جس نے چین سمیت دیگر ممالک کی یکساں مدد کی ہے اور صدر ٹرمپ کے بیان کو حقائق کے منافی قرار دیا۔ ساتھ ہی بروس ایلوارڈ نے ٹرمپ کی طرف سے امداد روکنے کی دھمکی کی مذمت کرتے ہوئے کہا تھا کہ یہ وقت ایک دوسرے کے ہاتھ مضبوط کرنے کا ہے۔

صدر ٹرمپ کی طرف سے عالمی ادارہ صحت کو دی جانے والی دھمکی پر اقوام متحدہ نے ڈبلیو ایچ او کی حمایت کی۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انٹونیو گوٹیرس نے کہا تھا کہ عالمی ادارہ صحت کی مدد کرنی چاہیے کیونکہ یہ کورونا وائرس کے خلاف جنگ ہے جہاں تک چین کی بات ہے تو چین اس وائرس پر کافی حد تک قابو پاچکا ہے جبکہ امریکہ اس میں پوری طرح ناکام دکھائی دے رہا ہے۔ امریکی صدر نے کچھ دن پہلے کہا تھا کہ 12 اپریل تک کورونا وائرس کو کنٹرول کرلیا جائے گا اور اب کہا ہے کہ جون تک کورونا وائرس کا خاتمہ ممکن ہوگا

شال بقیہ 1

خان نے کہا ہے کہ ہزارہ ٹاؤن واقعہ افسوس ناک ہے واقعہ کا مقدمہ درج کر کے نامزد ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے، اپنے ایک بیان میں وزیر اعلیٰ جام کمال خان نے کہا کہ ہزارہ ٹاؤن واقعہ قابل مذمت ہے واقعہ میں انسانی جانوں کا ضیاع افسوسناک ہے انہوں نے کہا کہ واقعہ کے ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائیگا اور کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی سوگ واران صبر وتحمل کا مظاہرے کرتے ہوئے پر رہیں ہم انکے غم میں برابر کے شریک ہیں، وزیر اعلیٰ جام کمال خان نے اپنے ایک ٹویٹ میں کہا کہ ہزارہ ٹاؤن واقعہ کی ایف آئی آر درج کردی گئی ہے نامزد ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے زخمیوں کو کراچی میں طبی امداد فراہم کی جا چکی انہوں نے کہا کہ ایس ایچ او کو معطل کر کے تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔

شال بقیہ 2

نئے نظام ریسورس مینجمنٹ سسٹم سے جلد تفصیل سے آگاہ کریں گے اور پاکستان میں بستروں، آئی سی یو اور وینٹی لیٹرز اور دیگر سہولیات کی کیفیت پر بریفنگ دیں گے۔ ہفتہ کو ڈاکٹر ظفر مرزا نے اسلام آباد میں معاون خصوصی معید یوسف کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے ظفر مرزا نے کہا کہ جیسے کیسز اور اموات بڑھ رہی ہیں تو جو احتیاطی تدابیر دی گئی ہیں ان پر سختی سے عمل کرنے کی ضرورت ہے اور خاص کر ماسک کے استعمال کو لازمی قرار دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ دفتر یا باہر کہیں بھی ہوں اور سمجھتے ہوں کہ سماجی فاصلہ رکھنا ہے تو وہاں ماسک پہننا لازمی ہے، پر ہجوم جگہوں پر ماسک پہننا ہم نے لازمی قرار دیا ہے۔ معاون خصوصی نے کہا کہ مساجد، بازاروں، شاپنگ مالز، ذرائع آمدورفت چاہے جہاز، ریل، بس یا ویگن ہو یہاں ماسک پہننا لازم ہے۔ معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ ہم اب تک 5 لاکھ 32 ہزار کے قریب ٹیسٹ کر چکے ہیں اور مصدقہ کیسز کی شرح 4.12 فیصد ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پچھلے 24 گھنٹوں میں 12 ہزار 20 ٹیسٹ کیے جنکے نتیجے میں 2 ہزار 429 ٹیسٹ مثبت آئے اور اگر صرف پچھلے 24 گھنٹوں کا جائزہ لیں تو اس کی شرح تقریباً 4.20 فیصد بنتی ہے۔ ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ جب سے کورونا آیا ہے مثبت ٹیسٹ کی تعداد بتدریج بڑھتی گئی اور اب یہ 20 فیصد سے زائد تک پہنچ چکی ہے، پاکستان میں 36 فیصد لوگ صحت یاب ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اب تک ایک ہزار 395 لوگ اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں جبکہ پچھلے 24 گھنٹوں میں یہ نمبر 78 تھا، اب تک کسی بھی ایک دن کا یہ سب سے بڑا نمبر تھا اور اس سے قبل 68 سب سے بڑا نمبر تھا۔

شال بقیہ 3

کردیا گیا ہے، ہمیں قومیتوں اور فرقوں میں تقسیم کرنا دشمنوں کی چال ہے، ان خیالات اظہار انہوں نے ہزارہ ٹاؤن واقعے کے بعد اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں پراویشل چیف سیکرٹری داخلہ حافظ عبدالباسط، ایڈیشنل آئی جی پولیس عبدالرزاق چیمہ، کمشنر کوئٹہ عثمان علی خان ڈپٹی کمشنر کوئٹہ اور تکریب بادینی موجود تھے اجلاس کے بعد میڈیا سے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے صوبائی وزیر داخلہ و پی ڈی ایم اے میر ضیاءاللہ لانگو نے کہا کہ ہزارہ ٹاؤن ہیئر ڈریسر کی دکان پر ہونے والے واقعے کو فوری طور پر نوٹس لیتے متعلقہ اداروں کو واقعے کی تحقیقات کی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کردی گئی انہوں نے کہا کہ قانون سے بالاتر کوئی نہیں حکومتی رٹ کو جو چیلنج کرے گا ان کے خلاف سخت قانونی کاروائی کی جائے گی لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں صوبائی حکومت تمام پہلوں سے جائزہ لے کر واقعے کے ذمہ داران کو کیفر کردار تک پہنچائے گی۔

شال بقیہ 4

انہوں نے کہا کہ بھارتی ڈرون سرحدی حدود کی خلاف ورزی کرتے ہوئے 700 میٹر تک پاکستانی حدود کے اندر آیا جسے مار گرایا گیا، بھارت مسلسل ہٹریت اختیار کررہا ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ بھارت کا سرجیکل اسٹرائیک کا ڈرامہ ناکام ہوچکا ہے اور اب وہ فالس فلیگ آپریشن کے بہانے تلاش کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارت کی پالیسی ناکام ہوگئی، اندرونی معاملات سے بچنے کیلئے بھارت یہ سب کر رہا ہے۔ شاہ محمود قریشی نے بھارت کو پیغام دیا کہ کوئی بھی حماقت نہ کی جائے، لداخ میں بھی بھارت ناکام ہوا ہے، بھارتی میڈیا بھی اپنی حکومت کی پالیسیوں پر تنقید کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی میڈیا کہہ رہا ہے کہ انڈین ٹیکٹیکل سکیورٹی ایڈوائزری پالیسی سے بھارتی فوج مطمئن نہیں، بھارتی فوج سمجھتی ہے کہ اسے بندگلی میں دھکیلا جارہا ہے، جو راستہ بھارتی حکومت اپناری ہے وہ غلط ہے۔

شال بقیہ 5

کورونا کے حوالے سے اموات میں اضافہ ہوا ہے۔ جن افراد کی اموات کورونا کی علامات کے ساتھ ہوئی ان کو بھی ریکارڈ کا حصہ بنا رہے ہیں، گزشتہ روز 16، اس سے پہلے 17 مشتبہ اموات ہوئی ہیں، جبکہ بلوچستان میں مئی میں 492 افراد کی اموات ہوئی ہیں، ترجمان بلوچستان حکومت نے کہا کہ اس وقت بلوچستان میں 26 کورونا کی مریض تشویشناک ہیں۔ جبکہ مریضوں کی صحت یابی کی شرح بڑھ کر 36 فیصد ہوگئی ہے، کل مریضوں کا 5.6 فیصد بچوں کا ہے، سب سے زیادہ 40 فیصد متاثر نوجوان ہیں، کورونا کی وجہ سے سخت لاک ڈاؤن کیا تو معاشی مسائل بڑھیں گے، انہوں نے کہا کہ 75 وینٹیلیٹرز خرید رہے، 145 این ڈی ایم سے فراہم کرنے کی درخواست کی ہے۔ لیاقت شاہوانی نے دعویٰ کیا کہ بلوچستان میں اس وقت ٹیسٹنگ کی صلاحیت 1200 تک پہنچ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہزارہ ٹاؤن واقع اپنی نوعیت کا پہلا واقعہ ہے، فوٹیجز کی مدد سے 11 مشتبہ افراد گرفتار کئے جاچکے، جو بھی اس واقعہ میں ملوث ہوا قانون کی گرفت میں آئے گا۔ گزشتہ دنوں نوجوان جبران کے قتل کا مقدمہ درج ہوا ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جارہے، وزیر اعلیٰ نے واقع کا فوری نوٹس لیا، انصاف کو یقینی بنائیں گے، لیاقت شاہوانی کے مطابق کورونا وبا کے بعد 6 ارب روپے جاری کئے جاچکے ہیں، ٹیکس وصولی میں کمی سے آئندہ مالی سال کے بجٹ پر اثر پڑے گا۔

شال بقیہ 6

نے عوام سے اپیل کی کہ یہ وقت اتفاق، اتحاد اور باہمی احترام کا ہے لہٰذا ضروری ہے کہ ہم سب ہر قسم کی ذاتی انا اور فرقہ وارانہ مفادات سے بالاتر ہوکر اخوت، باہمی احترام اور بھائی چارے کی فضا قائم رکھنے کیلئے بھرپور کردار ادا کریں کیونکہ ہم اتحاد و اتفاق سے ہی ایک پرامن اور محفوظ ماحول کو برقرار رکھ سکتے ہیں انہوں نے متاثرہ خاندان کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب اپنے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

شال بقیہ 7

ہوا ہے، دوسرے شہروں سے آنے والے تاجروں کی مشکلات کی وجہ سے وزیر اعلیٰ پنجاب سے ہفتے میں تین کی بجائے دو روز کاروبار بند رکھنے کی درخواست کی ہے۔ ریلوے ہیڈ کوارٹر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے شیخ رشید نے کہا کہ میں چاروں صوبوں کا منظور ہوں جنہوں نے ٹرین چلانے میں ہمارے ساتھ تعاون کیا، اس وقت 142 میں سے صرف 40 ٹرینیں چلا رہے ہیں اور جب تک کورونا کی وباء قابو میں نہیں آجاتی مزید تعداد نہیں بڑھائی جائے گی، مسافروں کی مشکلات کو پیش نظر رکھتے ہوئے جو مزید پانچ ٹرینیں چلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے ان میں سرسید، کراچی، شالیمار، بہاؤالدین زکریا اور ریل کار شامل ہیں۔ دوسرے شہروں سے بہت سے تاجر جمعہ کے روز خریداری کیلئے لاہور آتے ہیں اس لئے وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار سے درخواست کی ہے کہ ہفتے میں تین دن کی بجائے دو روز کاروبار بند رکھا جائے اور اب انہوں نے اس کا فیصلہ کرنا ہے۔

شال بقیہ 8

میں بھارت کی پالیسی ناکام ہوگئی، اندرونی معاملات سے بچنے کیلئے بھارت یہ سب کر رہا ہے۔ شاہ محمود قریشی نے بھارت کو پیغام دیا کہ کوئی بھی حماقت نہ کی جائے، لداخ میں بھی بھارت ناکام ہوا ہے، بھارتی میڈیا بھی اپنی حکومت کی پالیسیوں پر تنقید کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی میڈیا کہہ رہا ہے کہ انڈین ٹیکٹیکل سکیورٹی ایڈوائزری پالیسی سے بھارتی فوج مطمئن نہیں، بھارتی فوج سمجھتی ہے کہ اسے بندگلی میں دھکیلا جارہا ہے، جو راستہ بھارتی حکومت اپناری ہے وہ غلط ہے۔

شال بقیہ 9

اسکے سامنے پیش کر کے سخت سے سخت سزا دی جائے اور آئی جی پولیس متعلقہ پولیس تھانے کے تمام مجاز آفیسران کو معطل کرنے کے بجائے فوری طور پر ویڈیوز کی مدد سے انھیں قانون کے تحت انھیں ملازمت سے برخاست کیئے جائیں تاکہ آئندہ کوئی پولیس افیسر زاور اہلکار غفلت کا مظاہرہ نہ کریں انہوں نے کہا کہ ہمارے سماج میں اس طرح کے وحشی پن کی کوئی گنجائش برداشت نہیں کیا جائیگا ہمیں فرقہ واریت میں دھکیلنے کی ہر سازش کو ناکام بنانے کیلئے سنی اور شیعہ کمیٹیہ فکر کے علماء اور معتبرین کو اپنا اسلامی اور اخلاقی ذمہ داری کا عملی مظاہرہ دیکھانا ہوگا اور مزکورہ دلخراش واقعہ میں بھی شیعہ کمیٹیہ فکر کو فرنٹ پر اگے آکر اصل ملزمان کو بے نقاب کرنے میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ ہم ملکر مذہبی رواداری بھائی چارے اور قومی یکجہتی کو فروغ دے سکیں انہوں نے وزیر اعلیٰ وزیر داخلہ سے مطالبہ کیا کہ وہ ملزمان کی گرفتاری میں تیز رفتاری کے ساتھ کاروائی کی ہدایات جاری کریں زخمیوں کو بہترین علاج اور شہید و زخمی ہونے والوں کو امداد کی فراہمی کا اعلان کریں انہوں نے شہید کے والدین سے اظہار ہمدردی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی۔

شال بقیہ 10

کے باوجود پائلٹ سکول میں قائم کیش ادائیگی سینٹر عملے کی جانب سے مستحقین سے بلا خوف خطر 500 سے 1000 روپے تک زبردستی کٹوتی کا سلسلہ جاری ہے۔ مستحقین نے ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر سے غیر قانونی کٹوتی کے حوالے سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔

شال بقیہ 11

عالمی معیشتوں کے لئے چیلنج بن گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سب کو مل کر کام کرنا ہوگا، وباء سے ایران بری طرح متاثر ہوا ہے، ایران پر پابندیوں میں نرمی کی حمایت کی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان کی پارلیمان، حکومت اور عوام چاہتی ہے کہ ایران پر پابندیوں میں نرمی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ نومنتخب سپیکر مجلس شوریٰ ایران محمد باقر قالیباف پاکستان کے دوست ہیں پارلیمانی معاونت اور رابطہ کاری کو مل کر فروغ دینگے۔ انہوں نے کہا کہ کرونا وبا پر قابو پانے کے لئے بھی مختلف، علاقائی اور عالمی سطح پر تعاون مزید زور پکڑ گیا ہے، پاک ایران تعلقات، دو طرفہ تعاون کو مزید بڑھانے کی ضرورت ہے۔ چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے ایران کے سپیکر کو پاکستان کا دورہ کرنے کی دعوت بھی دی۔

شال بقیہ 12

سے معاشرے میں نہ صرف تشدد کے رجحانات کو فروغ حاصل ہوگا بلکہ نفرتوں کی نئی دیواریں کھڑی ہونگی جن کا زخموں سے چور کوئٹہ شہر متحمل نہیں ہو سکتا۔ پارٹی ترجمان نے واقع کے دوران حکومتی نااہلی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بے بسی کی شدید مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ واقع میں ملوث افراد کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لیئے بلوچستان ہائی کورٹ کے قابل احترام جج پر مشتمل کمیشن تشکیل دیکر اصل ملزمان تک رسائی حاصل کی جائے۔ پارٹی ترجمان نے ہزارہ برادری کے سنجیدہ حلقوں اور عمائدین سے اس توقع کا اظہار کیا کہ وہ اصل مجرموں کو قانون کے حوالے کرنے میں اپنا کردار کرتے ہوئے اجتماعی مذاکرت کی روک تھام میں اپنا حصہ ڈالیں گے۔ پارٹی ترجمان نے متاثرہ خاندانوں سے گزارش کی کہ وہ صبر وتحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے جمہوری انداز میں پرامن احتجاج اور قانونی راہ اختیار کرتے ہوئے ذمہ داری کا مظاہرہ کریں گے۔

شال بقیہ 13

ہے ایسے لوگ انسان کہلانے کے قابل نہیں جنہوں نے تین نہتے نوجوانوں پر جانور کی طرح تشدد کیا اس واقعہ کا سن کر روح کانپ اٹھی یہ بلوچستان کی روایات کے خلاف ہے جس سے خانہ جنگی کا اندیشہ پیدا ہوا انہوں نے کہا کہ پولیس اور انتظامیہ کے جن افسران نے فیرذمہ داری کا مظاہرہ کیا اور واقعہ میں ملوث افراد کو عبرت کا نشان بنایا جائے تاکہ آئندہ بھی اس طرح قانون کو ہاتھ میں لینے کی کوشش نہ کرے انہوں نے کہا کہ معاشرے کے ہر شہری کا فرض ہے کہ وہ اپنے درمیان موجود شرپسند عناصر کی نشاندہی کرتے ہوئے انکے تدارک میں کردار ادا کرے امید ہے کہ شہید بلال اور اسکے ساتھیوں کو زخمی کرنے والے ملزمان قانون کے کٹہرے میں ہونگے اور شہید و زخمیوں کو انصاف ملے گا۔

شال بقیہ 14

کہا کہ وفاقی دارالحکومت کے صحت کے نظام کو کھلے پردے دیا گیا، اسلام آباد میں کورونا کے مریض 2100 سے زیادہ ہوگئے لیکن وفاقی دارالحکومت کے ہسپتالوں کو عارضی چارج پر چلایا جارہا ہے، ڈی جی ہیلتھ بھی عارضی چارج پر ہیں، ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی بھی عارضی چارج پر چلائی جا رہی ہے۔ مریم اورنگزیب کا کہنا تھا نااہل، نادان، چور حکومت تین ماہ میں چار سیکرٹری صحت تبدیل کرچکی ہے، پی ایم ڈی سی آج تک عمران صاحب کی انا کا نشانہ بنا ہوا ہے اور مکمل طور پر فعال نہیں ہوسکا، نالائقوں اور چوروں کی حکومت نے ہر شعبے کی طرح صحت کے شعبے کا بھی بیڑہ غرق کردیا ہے۔

شال بقیہ 15

پاکستان کے قہر میں مجوزہ کوئلے کی کان کنی اور پاور پلانٹس کے فضائی معیار، صحت پر زہریلے اثرات۔ خیال رہے کہ 6 ہزار میگا واٹ سے زائد کے کوئلے سے چلنے والے بجلی گھر ملک میں ترقی کے مختلف مراحل میں ہیں جس میں سے 3 ہزار 700 میگا واٹ کے پلانٹ صحرائے تھر میں ہیں۔ رپورٹ کے مطابق 660 میگا واٹ کی صلاحیت والا ایک پلانٹ فعال ہوسکتا ہے اور مجوزہ پلانٹس جنوبی ایشیا میں سب سے زیادہ مرکری (پارے) اور کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس کے اخراج والے مقامات بن جائیں گے۔ ہوا میں سلفر ڈائی آکسائیڈ (SO2) کی خطرناک مقدار سے نہ صرف ایک لاکھ افراد متاثر اور آلودگی کے باعث 29 ہزار اموات کے علاوہ یہ پاور پلانٹس صحت سے متعلق پیچیدگیوں کا موجب بنیں گے۔

شال بقیہ 16

پاکستان کے قہر میں مجوزہ کوئلے کی کان کنی اور پاور پلانٹس کے فضائی معیار، صحت پر زہریلے اثرات۔ خیال رہے کہ 6 ہزار میگا واٹ سے زائد کے کوئلے سے چلنے والے بجلی گھر ملک میں ترقی کے مختلف مراحل میں ہیں جس میں سے 3 ہزار 700 میگا واٹ کے پلانٹ صحرائے تھر میں ہیں۔ رپورٹ کے مطابق 660 میگا واٹ کی صلاحیت والا ایک پلانٹ فعال ہوسکتا ہے اور مجوزہ پلانٹس جنوبی ایشیا میں سب سے زیادہ مرکری (پارے) اور کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس کے اخراج والے مقامات بن جائیں گے۔ ہوا میں سلفر ڈائی آکسائیڈ (SO2) کی خطرناک مقدار سے نہ صرف ایک لاکھ افراد متاثر اور آلودگی کے باعث 29 ہزار اموات کے علاوہ یہ پاور پلانٹس صحت سے متعلق پیچیدگیوں کا موجب بنیں گے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ صحت پر پڑنے والے دیگر اثرات میں دمے کے باعث 40 ہزار مرتبہ ہنگامی طبی امداد کے لیے جانا، بچوں میں دمے کے 19 ہزار 900 کیسز، 32 ہزار قبل از وقت ولادتیں، 2 کروڑ دن کام سے غیر حاضری (بیماری کی چھٹی) اور 57 ہزار سال تک پھیپھڑوں اور سانس کی تکالیف، ذیابیطس اور دماغ کی رگ پھٹ جانے جیسے مسائل کے ساتھ زندگی گزارنا شامل ہے، اس کے علاوہ یہ پاور پلانٹس سالانہ 1400 کلوگرام پارے کا اخراج کریں گے۔

شال بقیہ 17

یورپ اور امریکا میں ویکسین تیار کرنے کے لیے تحقیق کر رہی ہے۔ آکسفورڈ یونیورسٹی کے اشتراک سے تحقیق کرنے والی ایک کمپنی نے بھی سال کے آخر تک ویکسین تیار ہونے کی امید کا اظہار کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ویکسین بنانے کے بعد بڑی تعداد میں ڈوز تیار کرنا بھی چیلنج ہوگا۔ واضح رہے کہ دنیا بھر میں 100 سے زائد لیبارٹریز کورونا وائرس کی ویکسین تیار کرنے میں مصروف ہیں جن میں سے اب تک 10 ہی کلینیکل ٹرائل کے مرحلے تک پہنچ سکی ہیں۔ اس ضمن میں ماہرین کا کہنا ہے کہ اس سال کے آخر تک کورونا وائرس کی ویکسین بنانا ممکن نہیں ہوگا۔

شال بقیہ 18

ٹھہرایا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشترکہ مفادات کونسل کا فوری اجلاس بلایا جائے، وفاق اور صوبے حالات کا ازسرنو جائزہ لے کر اقدامات کریں۔ انہوں نے کہا کہ بے حسی اور غفلت کا نتیجہ خدانخواستہ بڑی تباہی کی صورت نکلنے کو ہے، ہوش کے ناخن لئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹڈی دل کو ڈھول سے بھگانے اور کورونا کے پھیلاؤ اور اموات پر خاموشی کی حکومتی پالیسی ناکام ہوچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جاں بحق ہونے والوں کی مغفرت کی دعا، پسماندگان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ انہیں صبر جمیل دے۔ آمین۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ کورونا کے خلاف جنگ لڑنے والے ڈاکٹرز کے جاں بحق ہونے کی بڑھتی تعداد بھی انتہائی تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے ان شہید ڈاکٹر بیٹوں اور بیٹیوں پر فخر ہے، اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔ آمین۔

شال بقیہ 19

نے کروائے ہیں جبکہ اس وقت کے وزیر اعظم نواز شریف سمیت کابینہ کے تمام اراکین ان دھماکوں کے مخالف تھے۔ شیخ رشید کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے سینئر مرکزی لیگی رہنما راجہ ظفر الحق کا کہنا تھا کہ ایٹمی دھماکوں کا کریڈٹ نواز شریف کو جاتا ہے، ملک میں ایٹمی دھماکے انہوں نے، گو ہر ایوب اور راجہ ظفر الحق نے کروائے ہیں جبکہ اس وقت کے وزیر اعظم نواز شریف سمیت کابینہ کے تمام اراکین ان دھماکوں کے مخالف تھے۔ شیخ رشید کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے سینئر مرکزی لیگی رہنما راجہ ظفر الحق کا کہنا تھا کہ ایٹمی دھماکوں کا کریڈٹ نواز شریف کو جاتا ہے، نواز شریف سے ایٹمی دھماکوں کا کریڈٹ چھینا نہیں جاسکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید کا کہنا غلط ہے کہ نواز شریف نے مخالفت کی تھی، نواز شریف کی مرضی کے بغیر دھماکے نہیں ہوسکتے تھے۔

شال بقیہ 20

سے متعدد بار اپیل کی گئی کہ وہ احتیاطی تدابیر پر سختی سے عمل درآمد کریں لیکن یہ امر افسوس ناک ہے کہ عوام احتیاطی تدابیر پر عمل درآمد نہیں کر رہی ہے۔ جس کی وجہ سے صوبے میں کورونا کیسز میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے اور اس موذی وائرس کے متاثرین کی تعداد چار ہزار کے قریب پہنچ چکی ہے۔ جس میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے احتیاطی تدابیر اور سماجی فاصلہ نہ رکھنے کی وجہ سے مقامی طور پر وائرس ایک دوسرے سے پھیلنے کی شرح میں بھی اضافہ ہوا اور اب یہ شرح 92 فیصد سے بھی تجاوز کرچکی ہے۔

شال بقیہ 21

بحران شدت اختیار کرگیا ہے پانی کی شدید قلت سے علاقہ مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، اوتھل کے عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار جیمے سے مطالبہ کیا ہے کہ پی ایچ ای کے افسران کی سنجیدہ غفلت کا سختی سے نوٹس لیں اور اوتھل شہر کی عوام کو پانی کی فراہمی کیلئے موثر اقدامات اٹھائے جائیں۔

شال بقیہ 22

تو لیشن کا کوئی فائدہ نہیں، جھاڑو حکومت پر پھرے گا اور وجہ چینی ہوگی۔ سابق وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب کے گھر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے شاہد حاقان عباسی نے کہا کہ ہماری خواہش نہیں تھی کہ پریس کانفرنس کریں، عوام کے سامنے حقائق رکھنے کیلئے پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کمیشن انکوائری ایکٹ کہتا ہے کہ رپورٹ پبلک کرنا لازم ہے، ہماری حکومت نے رپورٹ پبلک کرنے کا ایکٹ بنایا، لیاقت علی خان کی شہادت سے شوگر کمیشن تک، رپورٹ حقائق چھپانے کیلئے استعمال ہوئی، چینی کمیشن کی رپورٹ پڑھ کر بھی حقائق معلوم نہیں ہوتی، سمجھ نہیں آتا ہے، چینی کی قیمت کیوں بڑھی۔

شال بقیہ 23

زراعت اور چھوٹے کاروبار کے لیے ٹیکسز اور ڈیوٹیز میں ریلیف دیا جائے گا۔ درآمدی خام مال، مشینری اور زرعی آلات پر ریلیف دیا جائے گا اور ایڈیشنل کسٹم ڈیوٹی 3 فی صد کم کی جاسکتی ہے، خسارہ پورے کرنے کے لیے نان ٹیکس آمدن بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس سے 1100 ارب روپے کی آمدن متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق بجٹ میں تاریخ کی سخت ترین کفایت شعاری مہم کا بھی اعلان ہوگا، وزارتوں اور محکموں میں نئی گاڑیاں اور ایئر کنڈیشنر کی خریداری اور دیگر پرتعیش اخراجات پر سخت پابندی عائد کرنے کی تجویز ہے۔

شال بقیہ 24

بلوچستان سے 10 ویں این ایف سی ایوارڈ کے غیر سرکاری رکن نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے جاوید جبار کی نامزدگی کو بلوچستان کے سیاسی حلقوں کی جانب سے شدید تنقید کا نشانہ بنایا گیا تھا جبکہ انکی تقرری کے خلاف رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی اور بلوچستان کے وکلاء رہنماؤں کی جانب سے بلوچستان ہائی کورٹ میں الگ الگ آئینی درخواستیں دائر کی گئی تھیں۔

شال بقیہ 25

ہے سب سے زیادہ 40 فیصد متاثرہ نوجوان ہیں محکمہ صحت کے مطابق اس وقت بلوچستان میں 26 کورونا کی مریض تشویشناک ہیں مریضوں کی صحت یابی کی شرح بڑھ کر 36 فیصد ہوگئی ہے کل مریضوں کا 5.6 فیصد بچوں کا ہے، سب سے زیادہ 40 فیصد متاثر نوجوان ہیں کورونا کی وجہ سے سخت لاک ڈاؤن کیا تو معاشی مسائل بڑھیں گے 75 وینٹی لیٹرز خرید رہے، 145 این ڈی ایم سے فراہم کرنے کی درخواست کی ہے اس وقت ٹیسٹنگ کی صلاحیت 1200 تک پہنچ گئی ہے۔

شال بقیہ 26

کوٹ تھانہ کے قریب بجلی بند کے قریب بھوسے سے بھری ہوئی ٹریکٹر ٹرالی الٹ گئی جس کے نتیجے میں نثار احمد شہانی موقع پر جاں بحق جبکہ 6 افراد زخمی اطلاع ملتے پر پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور زخمیوں اور لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال پہنچا دیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاش کو ورثہ کے حوالے کر کے مزید کاروائی شروع کردی ہے۔

شال بقیہ 27

میں حملہ آور ہیں ترجمان این ڈی ایم اے کا بتانا ہے کہ ٹڈی دل کے حملوں کے باعث بلوچستان کے 31، خیبر پختونخواہ کے 11، پنجاب کے 12 اور سندھ کے 7 اضلاع متاثر ہیں این ڈی ایم اے کے ترجمان کے مطابق ٹڈیوں کے حملہ زدہ علاقوں کا سروے اور کنٹرول آپریشن جاری ہے، ملک بھر میں 1150 ٹیمیں لوکسٹ کنٹرول آپریشن میں حصہ لے رہی ہیں ترجمان این ڈی ایم کے کا کہنا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں میں 3 لاکھ 13 ہزار ہیکٹر رقبے کا سروے ہوا جس میں سے 4 ہزار 400 ایکڑ رقبے کا ٹریٹمنٹ کیا گیا ٹیکنیکل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے ترجمان کے مطابق بلوچستان میں 1700 ہیکٹر رقبے پر اسپرے کیا گیا جب کہ پنجاب میں 1000 ہیکٹر، خیبر پختونخوا میں 900 ہیکٹر رقبے کی ٹریٹمنٹ ہوئی اور سندھ میں گزشتہ روز 800 ہیکٹر رقبہ ٹریٹمنٹ کیا گیا۔

شال بقیہ 28

میں جانا چاہتے تھے۔

شال بقیہ 29

رپورٹ میں سامنے آئے ہیں سب کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ جہانگیر ترین سے دوستی تعلق اپنی جگہ لیکن اگر جہانگیر ترین نے غلط کیا ہے تو ان سے حساب لینا چاہیے، کمیشن کو سب کا احتساب کرنا چاہیے۔

شال بقیہ 30

نرمی یا سختی کا فیصلہ کیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق قومی رابطہ کمیٹی اجلاس کا شیڈول تبدیل کردیا گیا، وزیر اعظم کی زیر صدارت قومی رابطہ کمیٹی اجلاس اب پیر کو ہوگا، اجلاس میں وفاقی وزراء، وزرائے اعلیٰ سمیت متعلقہ حکام شریک ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں لاک ڈاؤن میں نرمی یا سختی کا فیصلہ ہوگا اور کورونا وائرس کے خلاف اقدامات پر غور کیا جائے گا جبکہ این سی او سی اجلاس کے فیصلوں کی توثیق ہوگی۔

شال بقیہ 31

تصویر پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ نواز شریف کی تصویر ہمارے نظام کا منہ چڑا رہی ہے۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر فواد چوہدری نے ایک تصویر شیئر کی جس میں میاں نواز شریف لندن میں اپنی بہو اور پوتی کے ہمراہ دیکھے جاسکتے ہیں۔ تصویر کے ساتھ فواد چوہدری نے تحریر کیا کہ یہ تصویر ہمارے نظام انصاف، قانون، انتظامیہ اور عدالتی نظام کا منہ چڑا رہی ہے۔ وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی نے یہ بھی لکھا کہ تصویریں بتاتی ہیں کہ آخر عوام احتساب کے نظام پر کتنا اعتماد کرسکتے ہیں۔

شال بقیہ 32

کہا ہے کہ ایٹمی دھماکوں کا کریڈٹ سابق وزیر اعظم محمد نواز شریف کو جاتا ہے۔ شیخ رشید نے دعویٰ کیا تھا کہ ملک میں ایٹمی دھماکے انہوں نے، گو ہر ایوب اور راجہ ظفر الحق نے کروائے ہیں جبکہ اس وقت کے وزیر اعظم نواز شریف سمیت کابینہ کے تمام اراکین ان دھماکوں کے مخالف تھے۔ شیخ رشید کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے سینئر مرکزی لیگی رہنما راجہ ظفر الحق کا کہنا تھا کہ ایٹمی دھماکوں کا کریڈٹ نواز شریف کو جاتا ہے، نواز شریف سے ایٹمی دھماکوں کا کریڈٹ چھینا نہیں جاسکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید کا کہنا غلط ہے کہ نواز شریف نے مخالفت کی تھی، نواز شریف کی مرضی کے بغیر دھماکے نہیں ہوسکتے تھے۔

شال بقیہ 33

بھی شہری خواہ وہ کسی بھی صوبے کا رہائشی ہو اگر اسے تعینات اور تجویز کرنے والی اتھارٹی اہل سمجھے وہ آئینی اور قانونی طور پر چاروں صوبوں سے این ایف سی یا کسی بھی صوبائی یا وفاقی بارڈی کا رکن بن سکتا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان اور یہاں کے لوگوں سے میرا تعلق 45 سال پرانا ہے جس کے دوران میں سے 6 سالہ سینیٹ کے دور، تین بار وفاقی وزیر اور ترقیاتی شعبے میں صوبے کے لئے کام کیا جس کی وجہ سے غیر متوقع طور پر این ایف سی کا رکن بننے کا عہدہ قبول کیا تاکہ میں بلوچستان کے لوگوں کی مثبت انداز میں ایک بار پھر نمائندگی کرتے ہوئے انکے حقوق کا دفاع کرسکوں انہوں نے کہا کہ اگرچہ میں بلوچستان کا باشندہ نہیں ہوں۔

شال بقیہ 34

کے فریم اور وی سی آر شامل تھے۔ سابق اوپنر نے بتایا کہ ہانگ کانگ ایئر پورٹ پر ہی اسمگلنگ کا سامان پاکستان ہاکی ٹیم کے سامان کے ساتھ روانہ کیا گیا اور ایئر پورٹ پر کسٹم حکام نے پاکستان ہاکی ٹیم کو اسمگلنگ کے سامان سے آگاہ کیا۔ حنیف خان نے کہا کہ اس وقت اسمگلنگ کے سامان کی لاگت تقریباً ایک سے ڈیڑھ کروڑ روپے تھی۔ قومی ٹیم کے سابق کپتان نے بتایا کہ جب تحقیقات ہوئیں تو اس میں ٹیم کے کچھ آفیشلز ملوث پائے گئے لیکن پاکستان کا نام مزید بدنام ہونے سے بچانے کے لیے کیس کو دبا دیا گیا۔

شال بقیہ 35

سینکڑوں افراد کی موجودگی وبا کے پھیلاؤ کا باعث بن رہی

بلوچستان کی ترقی و خوشحالی سے پاکستان میں ترقی کے نئے وسائل پیدا ہونگے، شازین بگٹی

بلوچستان کے عوام محب وطن ہیں ضلع کوہلو میں عوام کو ترقی کیلئے تمام دستیاب وسائل میں رہ کر سہولیات فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہوں کوہلو میرا گھر ہے یہاں آ کر خوشی ہوئی ہے

کوہلو کے عوام باشعور ہیں یہاں لوگوں میں ترقی اور شعور کا رجحان زیادہ ہے، جمہوری وطن پارٹی عوام کے خدمت کا مقصد لیکر اسمبلیوں میں آئی ہے، ممبر قومی اسمبلی

کوہلو (این این آئی) جمہوری وطن پارٹی کے سربراہ اور ممبر قومی اسمبلی شازین بگٹی گزشتہ روز ایم ڈی بیت المال پاکستان عون عباس کے ہمراہ ایک روزہ دورے پر کوہلو پہنچ گئے علاقے میں قبائلی رہنماؤں سمیت پارٹی ورکروں سے ملے اور علاقے کا دورہ کیا ہے انہوں نے لیویز لائن میں ایم ڈی عون عباس کے ہمراہ 30 سے زائد بم دھماکوں میں معذور ہونے افراد میں ویل چیئرز اور امدادی رقوم کے چیک تقسیم کئے ہیں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام محب وطن ہیں بلوچستان کی ترقی و خوشحالی سے پاکستان میں ترقی کے نئے وسائل پیدا ہونگے ضلع کوہلو میں عوام کو ترقی کیلئے تمام دستیاب وسائل میں رہ کر سہولیات فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہوں کوہلو بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

صحت پور، پیچپا قومی اتحاد کے سربراہ سردار پرویز احمد خان پیچپا کے ساتھ الحاج علی پیچپا اور دیگر کا گروپ فوٹو

ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ کا واقعہ انتہائی افسوس ناک امر ہے، رحیم آغا

کسی انسان، تنظیم، فرقے یا قبیلے کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ دوسرے انسان پر کوئی بھی الزام لگا کر قتل کریں

بے شک کوئی کتنا بڑا ملزم/مجرم ہی کیوں نہ ہو سزا، جزا دینا ریاست کا کام ہوتا ہے، انجمن تاجران بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا، جنرل سیکرٹری حاجی اللہ داد ترین، حاجی عاشق اچکزئی، حاجی فاروق شاہوانی، حاجی نصر الدین کاکڑ، حاجی یعقوب شاہ کاکڑ، سید حیدر آغا، حاجی اسلم ترین، حکیم طاہر خان، سردار ولی اچکزئی، طاہر خان مسیزئی، سید شفیع آغا اور دیگر نے کہا ہے کہ ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ کا واقعہ انتہائی افسوس ناک امر ہے، کسی انسان، تنظیم، فرقے یا قبیلے کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ دوسرے انسان پر کوئی بھی الزام لگا کر قتل کریں بے شک کوئی کتنا بڑا ملزم/مجرم ہی کیوں نہ ہو سزا، جزا دینا ریاست کا کام ہوتا ہے بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

چیف سردار جلال خان لاشاری نے دھکڑ برادری اور کھلجانی برادری کے درمیان جاری تنازعہ کا فیصلہ کر دیا

گندواہ (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی صدر چیف سردار جلال خان لاشاری نے لاشار باڈس گاجان میں دھکڑ برادری اور کھلجانی برادری کے درمیان جاری تنازعہ کا فیصلہ کر دیا اور دونوں برادریوں کو شیر و شکر کر دیا فیصلہ میں جنرل سیکرٹری میر محمد اسلم خان کھچی نے دیگر معززین و معتبرین کے ساتھ مل کر اہم کردار ادا کیا اور ان سب کی کاوشوں سے آج بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

خضدار میں مختلف قبائل کے اراضی پر قبضہ کیا جا رہا ہے، مولانا عبدالواسع

پہلے بھی مقامی سطح پر ہمارے ساتھیوں نے اس ناروا عمل کے خلاف آواز اٹھائی تھی

لوگوں کو اپنے قیمتی اراضی سے بے دخل کیا جا رہا ہے لیکن کوئی شنوائی نہ ہوئی، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع صوبائی جنرل سیکرٹری رکن قومی اسمبلی مولانا سید آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ خضدار کے مختلف قبائل کی صدیوں سے جدی پشتی اراضی کی قبضہ گیری پر جمعیت علماء اسلام خاموش نہیں رہ سکتی اور قابل کاشت اراضی پر مختلف طریقوں سے قبضہ کرنے کی کوششوں کی سختی مذمت کرتے ہوئے انکاسپ اور طرٹ حکام کو متنبہ کرتی ہے کہ ظلم اور ناانصافی کے طور طریقوں سے بلوچستان بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

لورالائی، سول ہسپتال شعبہ حادثات کے باہر پی آر ایس پی کی جانب سے کورونا وائرس کی روک تھام کے لیے لگایا گیا واٹر ٹینک غیر فعال ہے

مستونگ میں ٹائیفائیڈ بخار ایک وبائی شکل اختیار کر رہا ہے اور ہر ہر گھر میں ایک دو ٹائیفائیڈ کے مریض پائے جا رہے ہیں، میر سکندر خان ملازئی

پیٹ میں ہسپتالوں کی اوپی ڈی کی بندش اور محکمہ صحت کی غفلت والا رویہ علاقے میں ایک خطرناک صورتحال اختیار کر گئی، ممتاز قوم پرست رہنما

مستونگ (این این آئی) ممتاز قوم پرست رہنما و سابق سٹی ناظم میر سکندر خان ملازئی نے مستونگ میں ٹائیفائیڈ بخار کی تیزی سے بڑھتی ہوئی بیماری پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مستونگ میں ٹائیفائیڈ بخار ایک وبائی شکل اختیار کر رہا ہے اور ہر ہر گھر میں ایک دو ٹائیفائیڈ کے مریض پائے جا رہے ہیں ایسے میں ہسپتالوں کی اوپی ڈی کی بندش اور محکمہ صحت کی غفلت والا رویہ علاقے میں ایک خطرناک صورتحال اختیار کر گئی۔ مستونگ میں عید کے بعد ٹائیفائیڈ بخار کی مریضوں میں اچانک اضافے پر سخت تشویش ہے اور ٹائیفائیڈ علاقے میں وبائی شکل اختیار کرنے لگا ہے جس سے پورا مستونگ روز بروز سخت متاثر بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

محکمہ صحت مستونگ کورونا وائرس کے خاتمے اور حالیہ ٹائیفائیڈ کے پھیلاؤ کے حوالے سے پوری طرح متحرک ہے، ڈاکٹر سردار امیر محمد جگی

کورونا وائرس کے حوالے سے ہمارے تمام سینٹرز بمعہ عملہ مکمل طور پر فعال ہیں اور دوران عید بھی تمام سینٹرز کھلے ہیں، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر مستونگ

مستونگ (این این آئی) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر مستونگ ڈاکٹر سردار امیر محمد جگی نے کہا ہے کہ محکمہ صحت مستونگ کورونا وائرس کے خاتمے اور حالیہ ٹائیفائیڈ کے پھیلاؤ کے حوالے سے پوری طرح متحرک ہے کورونا وائرس کے حوالے سے ہمارے تمام سینٹرز بمعہ عملہ مکمل طور پر فعال ہیں اور دوران عید بھی تمام سینٹرز کھلے رہے اس وقت ضلع بھر میں آر ایچ سی عاصم آباد دشت، آر ایچ سی کردگاپ، اسٹیشن بچوں کے سکول میں قائم قرنطینہ سینٹر بمقام پرانا چونگی چوبیس گھنٹے مکمل فعال ہیں آج بھی اسی سلسلے میں میری ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز بلوچستان ایڈیشنل ڈائریکٹر ایم ایس ڈی ڈاکٹر نعیم خان آفریدی ملیریا کنٹرول پروگرام کے ڈاکٹر بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اللہ یار بدامنی کی لپیٹ میں ڈکیتی اور چوری کی وارداتوں میں اضافہ، پولیس کی کارروائیاں بے سود عوام عدم تحفظ کا شکار ہو گئے

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار بدامنی کی لپیٹ میں ڈکیتی اور چوری کی وارداتوں میں اضافہ پولیس کی کارروائیاں بے سود عوام عدم تحفظ کا شکار ہو گئے ڈیرہ اللہ یار میں ڈکیتی اور چوری کی بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

ٹوبہ ٹیک سنگھ کے متعدد ہندوؤں کے کورونا ٹیسٹ منفی آ گئے

ٹوبہ ٹیک سنگھ (این این آئی) ٹوبہ ٹیک سنگھ کے متعدد ہندوؤں کے کورونا ٹیسٹ منفی آ گئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز دادھیچ کے ہندوؤں کے کورونا ٹیسٹ مثبت آنے کے بعد ٹوبہ ٹیک سنگھ کے دس کے قریب کورونا ٹیسٹ لیے گئے جنکی نتائج منفی آ گئے جس سے علاقے میں کورونا وائرس کے پھیلاؤ کی خوف و ہراس کسی حد تک کم ہو گئی۔

جمعیت علماء اسلام ضلع چاغی کے سابق امیر و خطیب جامع مسجد مولانا محمد عالم مختصر علالت کے بعد کراچی میں انتقال کر گئے، جنہیں بروز اتوار ٹوکنڈی میں سپرد خاک کیا جائیگا

ٹوکنڈی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع چاغی کے سابق امیر و خطیب جامع مسجد مولانا محمد عالم مختصر علالت کے بعد کراچی میں انتقال کر گئے جنہیں بروز اتوار ٹوکنڈی میں سپرد خاک کیا جائیگا تفصیلات کیمطابق خطیب جامع مسجد و سابق ضلعی امیر مولانا محمد عالم کی انتقال کی خبر پہ پورا ٹوکنڈی سوگوار ہے ہر آنکھ اشکبار ہے ٹوکنڈی ایک مخلص عالم دین مایہ ناز دھاگو اور خیر خواہ سے محروم ہو گیا، مولانا محمد عالم علاقائی مسائل و قبائلی تنازعات کے خاتمے میں ہمیشہ پیش پیش رہے انہوں نے اپنی سیاست کا آغاز جمعیت علماء اسلام کے بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، بلال کے لواحقین کے ساتھ ڈپٹی کمشنر آفس میں میٹنگ کے موقع رجاں بحق نوجوانوں کیلئے فاتحہ خوانی، ڈپٹی کمشنر میجر ریٹائرڈ اورنگ زیب بادینی، حافظ عبیداللہ اور دیگر حکام شریک ہیں

چھانگا مانگا محکمہ وائلڈ لائف کی غفلت بھارت سرحد پار کر کے آنے والا نایاب نسل کا لنگور آوارہ کتوں نے مار دیا

چونیاں (این این آئی) چھانگا مانگا بھارت سرحد پار کر کے آنے والا نایاب نسل کا لنگور محکمہ وائلڈ لائف چھانگا مانگا کے حوالے کر دیا گیا تھا، لنگور چھانگا مانگا جنگل میں کافی ماہ سے رہ رہا تھا، محکمہ بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

وقت نے ثابت کر دیا نواز شریف جھوٹ بول کر لندن بھاگے، شہباز گل

انٹرنیٹ پر نواز شریف صاحب کی تصویریں گردش کر رہی ہیں، تصویر میں کورونا کے دوران گھر رہنے کی بجائے کافی پیتے بیٹھے ہوئے ہیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی سیاسی ابلاغ شہباز گل نے کہا ہے کہ وقت نے ثابت کر دیا نواز شریف جھوٹ بول کر لندن بھاگے۔ شہباز گل نے اپنے ایک بیان میں سابق وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف سے متعلق بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ انٹرنیٹ پر نواز شریف بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

ہر پسند کسی بھی قوم و مسلک کے معاشرے کیلئے ناقابل برداشت ہونا چاہئے، نور محمد دمڑ

صوبے کی پرامن حالات کرنے کے خلاف ہونے والے ہر قسم کی سازشوں کو ناکام بنائے گے

واقعہ کے ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لا کر قرار واقعی سزا دی جائے گی، صوبائی وزیر

ہرنائی (آن لائن) بی اے پی کے رہنماء صوبائی وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ و دوا سماجی نور محمد دمڑ نے ہزارہ ٹاؤن میں تین نوجوانوں پر بہیمانہ تشدد پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور تشدد کے نتیجے میں ایک نوجوان کی شہادت اور دو کی شدید زخمی ہونے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہ ہزارہ ٹاؤن کا واقعہ انتہائی سفاکانہ ہے۔ واقعہ کے ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لا کر قرار واقعی سزا دی جائے گی۔ صوبے کی پرامن حالات کرنے کے خلاف بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

منگچر، جمعیت کے مرکزی رہنماء سردار زادہ میر سعید جان لانگو سے جمعیت منگچر کے رہنماؤں نے سردار کوٹ میں ملاقات کرنے کے بعد گروپ فوٹو

نومبر 2019 سے تاحال ڈپٹی ڈی او کی پوسٹ خالی

ریٹائرڈ اور جی پی ایڈوانس لینے والے اساتذہ کرام کافی عرصہ سے پریشان حال

خضدار (نامہ نگار) محکمہ تعلیم ضلع خضدار نومبر 2019 سے تاحال ڈپٹی ڈی او کی پوسٹ خالی۔ مارچ 2020 سے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کی پوسٹ خالی۔ ریٹائرڈ اور جی پی ایڈوانس لینے والے اساتذہ کرام کافی عرصہ سے پریشان حال۔ محکمہ تعلیم ضلع خضدار کے مندرجہ بالا اہم پوسٹیں کافی عرصہ سے خالی ہیں۔ جنکی وجہ سے اساتذہ کرام کو ریٹائرمنٹ اور جی پی ایڈوانس کے لئے کافی عرصہ سے درخواست دینے والے اساتذہ کرام سخت پریشانی میں مبتلا ہیں۔ اور محکمہ تعلیم اور سوبائی آفس کی تیاریوں میں کافی دشواریاں پیش آ رہی ہیں۔ پچھلے 7 مہینے سے انکاری پوسٹوں کا خالی ہونا لمحہ فکریہ ہے۔ اور آفس آٹومیٹک گھڑی کی طرز پر بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

ہم ایجوکیشن کی اراضی پر کسی کو قبضہ کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، ٹیچرز ایسوسی ایشن تحصیل اوتھل

ڈسٹرکٹ میں کہیں بھی کسی لینڈ مافیا نے محکمہ تعلیم کی زمین پر قبضہ کرنے کی کوشش تو اسے ہم بزور طاقت روکیں گے، بیان

اوتھل (نامہ نگار) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن تحصیل اوتھل کے عہدیداروں صدر پیر غلام شاہ، احسان الحق بلوچ سیکرٹری جنرل، امام بخش سیماب خان محمد بلوچ امام بخش انگاریہ، یوسف درانی، لطیف خلیفہ، عطاء اللہ ہم برو نے محکمہ ایجوکیشن کے پلاٹ پر ایک بااثر قبضہ مافیا کی جانب سے راتوں رات قبضے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم ایجوکیشن کی اراضی پر کسی کو قبضہ کرنے کی اجازت نہیں دیں گے انہوں بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

شہید نصیر جان لانگو کو ٹارگٹ کلنگ کے ذریعے سے شہید کیا گیا، غلام نبی مری

جب 2010 کو بلوچستان میں بلوچ قوم اور بلوچستانی عوام کے ساتھ ظلم، جبر، ناانصافیوں اور بنیادی انسانی حقوق کی پامالیوں کا دور دورہ تھا، بیان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری نے اپنے ایک بیان میں پارٹی کے شہید ساتھی نصیر جان لانگو کے 29 مئی کو یوم شہادت کے دسویں برسی کی دن کے مناسبت پر شہید نصیر جان لانگو کے ناقابل فراموش جدوجہد اور قربانیوں کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس خاندان کے بلوچستان کی سیاسی حقوق کی جدوجہد کی تحریک میں اہم کردار ہے جو نیپ سے لیکر آج تک بلوچستان کی قومی جدوجہد میں بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

ڈسٹرکٹ میں کہیں بھی کسی لینڈ مافیا نے محکمہ تعلیم کی زمین پر قبضہ کرنے کی کوشش تو اسے ہم بزور طاقت روکیں گے، پیر غلام شاہ

اوتھل (این این آئی) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن تحصیل اوتھل کے عہدیداروں صدر پیر غلام شاہ، احسان الحق بلوچ سیکرٹری جنرل، امام بخش سیماب خان محمد بلوچ امام بخش انگاریہ، یوسف درانی، لطیف خلیفہ، عطاء اللہ ہم برو نے محکمہ ایجوکیشن کے پلاٹ پر ایک بااثر قبضہ مافیا کی جانب سے راتوں رات بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

پولیس عوام کی جان مال کی تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، مولاداد خان کنرانی

عوام کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین فرائض منصبی میں شامل ہے، ایس ایچ او

حیدرآباد (نامہ نگار) پولیس تھانہ شہید محمد علی حیدرآباد کے ایس ایچ او حاجی مولاداد خان کنرانی نے کہا ہے کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین فرائض منصبی میں شامل ہے جرائم پیشہ افراد کی نشاندہی میں عوام کو چاہیے کہ پولیس کے ساتھ تعاون کرنا چاہیے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

ملازمین محنت کر کے محکمہ کو ریونیو دیتے ہیں، ٹیکس ریزیڈنٹ انسپکٹرز دن رات کام کرتے ہیں ان کو اپ گریڈ کیا جائے، شکر خان

کافی عرصے سے اپ گریڈ کے انتظار میں ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال سے مطالبہ ہے کہ ٹیکس ریزیڈنٹ انسپکٹرز کو اپ گریڈ کیا جائے، ٹیکس ریزیڈنٹ

نصیر آباد (این این آئی) ٹیکس ریزیڈنٹ انسپکٹرز سمیت تمام ٹیکنیکل اسٹاف کو اپ گریڈ کیا جائے، شکر خان نصیر آباد آل بلوچستان کلرک اینڈ ٹیکنیکل ایمپلائز ایسوسی ایشن ضلع نصیر آباد ڈویژن چیئرمین شکر خان نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں بتایا ہے کہ ٹیکس ریزیڈنٹ ڈیپارٹمنٹ میں انسپکٹر زریعے کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

قلات، بلوچستان پارٹی کے ضلعی صدر میر قادر بخش مینگل، احمد نواز بلوچ و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

نیشنل پارٹی نظریے اور شعور کے ہتھیار سے لیس جمہوری پارٹی ہے، رجب علی رند

نظریہ اور شعور سے نہتے لوگ فرسودہ نظام کو خطرے میں دیکھ کر نظریاتی سیاسی کارکنوں سے خوف زدہ ہیں، بیان

اوتھل (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما رجب علی رند نے کہا کہ نیشنل پارٹی نظریے اور شعور کے ہتھیار سے لیس جمہوری پارٹی ہے نظریہ اور شعور سے نہتے لوگ فرسودہ نظام کو خطرے میں دیکھ کر نظریاتی سیاسی کارکنوں سے خوف زدہ ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اوتھل میں لاکھا گوٹھ اور دیگر علاقوں سے پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے والوں اور ورکر، اوتھل کے عہدیداروں اور کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ رجب علی رند نے کہا کہ اگر عام لوگ اپنے قومی سیاسی و سماجی حقوق کے لئے اٹھ کھڑے ہوں تو فرسودہ نظام کے ذریعے حکمرانی کرنے والے ریت کی دیوار ثابت ہوتے انہوں نے کہا بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

کورونا سے زیادہ ٹڈی دل تباہی مچا رہی ہے باغات و فصلیں تباہ اور زراعت مکمل ختم ہو کر رہ گئی، قادر بخش مینگل

زمینداروں کو کروڑوں کا نقصان، صوبائی حکومت صرف ٹوئٹس اپ اور فیس بک پر چل رہی ہے، احمد نواز بلوچ

قلات (آن لائن) کورونا سے زیادہ ٹڈی دل تباہی مچا رہی ہے باغات و فصلیں تباہ اور زراعت مکمل ختم ہو کر رہ گئی، زمینداروں کو کروڑوں کا نقصان، صوبائی حکومت صرف ٹوئٹس اپ اور فیس بک پر چل رہی ہے، جہازوں کے ذریعے سے اسپرے کر کے متاثرین کی مالی امداد کی جائے۔ اگر حکومت اقدامات نہیں اٹھاتی تو بی این پی سخت احتجاج پر مجبور ہوگی، ان خیالات کا اظہار بلوچستان نیشنل پارٹی قلات کے ضلعی بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

ہزارہ ٹاؤن واقعہ نسلی و فرقہ وارانہ فسادات کا اندیشہ پیدا ہو گیا ہے، جمال شاہ کاکڑ

ساتھ ہی واقعہ میں زخمیوں کو بہترین علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جائیں

ہزارہ ٹاؤن واقعہ افسوسناک ہے جسکی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے ہزارہ ٹاؤن واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے ملزمان کی فوری طور پر گرفتاری اور لواحقین کو انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے، اپنے ایک بیان میں جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ ہزارہ ٹاؤن واقعہ افسوسناک ہے جسکی جتنی مذمت کی جائے کم ہے ایسے واقعات سے نسلی اور فرقہ وارانہ فسادات کا اندیشہ پیدا ہو گیا ہے جنہیں روکنے کے لئے صوبائی حکومت جلد از جلد قاتلوں کو گرفتار کر کے انصاف کے کٹہرے میں لائے ساتھ ہی واقعہ میں زخمیوں کو بہترین علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جائیں، انہوں بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، بلوچستان عوامی پارٹی کے حاجی احسان اللہ خاکسار کورونا وائرس سے بچنے کیلئے نمازیوں میں ماسک تقسیم کر رہے ہیں

ہزارہ ٹاؤن میں پیش آنے والے واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، نظر زدران

کسی کو تعصب کی بنیاد پر سرعام تشدد کر کے ہلاک اور زخمی کرنے کی کوئی بھی قانون اور مذہب اجازت نہیں دیتا، بیان

کوئٹہ (این این آئی) تحریک انصاف بلوچستان کے رہنما نظر زدران نے کوئٹہ کے علاقے ہزارہ ٹاؤن میں بے گناہ شہری کی ہلاکت اور دو کو زخمی کرنے کے واقعہ کو صوبے کے پرامن حالات کو خراب کرنے کی کوشش قرار دیتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعہ میں ملوث اصل ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں نظر زدران نے کہا کہ گزشتہ روز ہزارہ ٹاؤن میں پیش آنے والے واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے کسی کو تعصب کی بنیاد پر سرعام تشدد بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

ہزارہ ٹاؤن میں لڑائی کو سوشل میڈیا میں غلط رنگ دے کر پیش کیا جا رہا ہے، زاہد احمد ناروئی

بلوچستان خانہ جنگی کی صورت میں ابھی مزید اس قابل نہیں رہا کہ ایک اور بہت بڑی دہشتگردی کا سامنا کر سکے، جمہوری وطن پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) جمہوری وطن پارٹی کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات زاہد احمد ناروئی نے ایک مذمتی بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہزارہ ٹاؤن میں لڑائی کو سوشل میڈیا میں غلط رنگ دے کر پیش کیا جا رہا ہے اس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہوں اور میں اس بات کا بھی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہوں کہ اس لڑائی میں جس طرح نوجوان پر تشدد کیا گیا جس میں ایک شہید اور دو شدید زخمی ہے۔ اس واقعہ بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

گوٹھ رحمت پلی میں جاڑا خان گاجانی کے گھر میں اچانک شارٹ سرکٹ کی وجہ سے آگ لگ گئی

حیدرآباد (نامہ نگار) پنجو سمیجو کے نزدیک گوٹھ رحمت پلی میں جاڑا خان گاجانی کے گھر میں اچانک شارٹ سرکٹ کی وجہ سے آگ لگ گئی جس میں راجا خان گاجانی کے گھر کا سارا سامان جل کر خاکستر ہو گیا متاثرہ خاندان نے حکومت بلوچستان ڈپٹی کمشنر حیدرآباد سے مدد کی اپیل۔

مسجد نبوی کو مرحلہ وار عام نمازیوں کیلئے کھولنے کی اجازت

احتیاطی تدابیر کے ساتھ مسجد نبوی کو عام نمازیوں کے لیے کھولنے کے احکامات دیئے گئے ہیں، حکام

مدینہ منورہ (این این آئی) خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز نے کورونا لاک ڈاؤن کے باعث گزشتہ دو ماہ سے بند مسجد نبوی کو عام نمازیوں کے لیے کھولنے کی اجازت دیدی۔ سعودی میڈیا کے مطابق مسجد نبوی میں 31 مئی سے عام نمازیوں کے داخلے کی اجازت ہوگی اور خادمین الحرمین الشریفین نے اس فیصلے کی منظوری بھی دیدی ہے۔ سعودی حکام کے مطابق احتیاطی تدابیر کے ساتھ مسجد نبوی کو عام نمازیوں کے لیے کھولنے کے احکامات دیئے گئے۔ مسجد نبوی میں 40 فیصد نمازیوں کو ابتدائی دنوں میں داخلے کی اجازت ہوگی اور حکام کی جانب سے مسجد نبوی میں کھلے فرش پر نماز ادا بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

پی آئی اے کے حادثے کا شکار ائیر بس 320 طیارہ کی تحقیقات آخری مراحل میں داخل ہو گئی

کراچی (این این آئی) پی آئی اے کے حادثے کا شکار ائیر بس 320 طیارہ کی تحقیقات آخری مراحل میں داخل ہو گئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پی آئی اے کے حادثے کا شکار ائیر بس 320 طیارہ کی تحقیقات آخری مراحل میں داخل ہو گئی ہے، حادثے کی تحقیقات کیلئے فرانس سے آنے والی ماہرین کی ٹیم نے اہم شواہد اکٹھے کر لیے ہیں، 11 رکنی ٹیم اتوار کو تحقیقات مکمل کرے گی اور پیر کو واپس روانہ ہو جائے گی، ٹیم اپنے ہمراہ بلیک باکس اور کاک بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

ملک کے مختلف شہروں میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش، گرمی کا زور ٹوٹ گیا، موسم خوشگوار، ندی نالوں میں طغیانی

ہنزہ میں گرمی میں اضافے کے ساتھ ہی شیسپر گلیشیر پگھلنے سے حسن آباد نالے میں پانی کی سطح اور بہاؤ میں اضافہ

بلوچستان میں سیلابی ریلے سے 3 افراد کی لاشیں اور 2 کو زندہ نکال لیا گیا، جاں بحق ہونے والوں میں دادا اور پوتا بھی شامل

اسلام آباد، لاہور، بھکر (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد، پنجاب، بلوچستان کے مختلف شہروں سمیت گلگت بلتستان میں بارش اور تیز آندھی سے گرمی کا زور ٹوٹ گیا، کچھ علاقوں میں بارش سے موسم خوشگوار ہو گیا تاہم ندی نالوں میں شدید طغیانی آ گئی اور راولپنڈی سمیت نشیبی علاقے زیر آب آ گئے اور پانی گھروں میں داخل ہونے سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، بلوچستان میں سیلابی ریلے سے 3 افراد کی لاشیں اور 2 کو زندہ نکال لیا گیا، جاں بحق ہونے والوں میں دادا اور پوتا بھی شامل ہیں، اسلام آباد، بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے والوں کا محاسبہ کیا جائے گا، مراد سعید

ایل این جی سے چینی اسکینڈل تک وارداتیں کرنے والے اب بھاشن دے رہے ہیں

شاہد خاقان عباسی ایل این جی کا ہی نہیں چینی چوری کا بھی جواب دیں گے، وفاقی وزیر مواصلات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات مراد سعید نے کہا ہے کہ عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے والوں کا محاسبہ کیا جائے گا، شاہد خاقان عباسی ایل این جی کا ہی نہیں چینی چوری کا بھی جواب دیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ن لیگی رہنما شاہد خاقان عباسی کی گفتگو کے ردعمل میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایل این جی سے چینی اسکینڈل تک وارداتیں کرنے والے اب بھاشن دے رہے ہیں۔ وفاقی وزیر مواصلات نے کہا کہ عباسی صاحب شاید بھول گئے ہیں کہ پاکستان تبدیل ہو چکا ہے، وارداتیں چھپانے کا زمانہ گزر گیا ہے، یہ رپورٹیں چھپانے کا نہیں بلکہ قوم کو سچ بتانے کا زمانہ ہے۔ مراد سعید نے کہا کہ عباسی صاحب ایل بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

لورالائی، پی ٹی ایم تحریک کے صدر سردار شیر یار خان موسیٰ خیل، حاجی شاہ موسیٰ خیل، محمد گل موسیٰ خیل اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اظہار تعزیت

صحت پور (نامہ نگار) پیچپا قومی اتحاد کے سربراہ سردار پرویز احمد خان پیچپا مرکزی رہنما الحاج علی پیچپا سمیت دیگر رہنماؤں نے امام دین پیچپا کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ امام دین پیچپا کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

اظہار تعزیت

دشت کھیلا شریف آباد (پ ر) قبائلی رہنما حاجی سلطان محمد ہنگوئی کی اہلیہ سابق یوسی چیئرمین سپوزنڈ و پی اے پی کے سینئر رہنما کمری حاجی محمد افضل ہنگوئی کی بھابھی، ڈاکٹر طارق ہنگوئی کی چچی، پروفیسر زین اللہ کاکڑ، ریڈ کیٹ خان کاکڑ کی بقیہ نمبر 69 صفحہ 3 پر

گزھی خیرو، جمعیت طلبہ اسلام کے کارکنان سندھ میں جعلی ڈومیسائل بنائے جانے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے

بلوچستان پسماندگان کے جانب گامزن ہے اس جدید دور میں کئی انتظامی تھرڈ نیٹ سے محروم ہے، سید محمود شاہ عید

بلوچستان میں ترقی کا پہیہ جام ہوتا جا رہا ہے اور دور تک ترقی منصوبے نظر نہیں دنیا ترقی کے منزل طے کر رہے ہیں، جمعیت علماء اسلام

قلات (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی جنرل سیکرٹری ایم این اے سید محمود شاہ عید کے موقع پر عید ملنے والے مختلف وفود ڈاکٹر محمد یعقوب بلوچ ڈاکٹر صالح سالانی ڈاکٹر ظہیر لانگو محمد مراد لانگو جمعیت جو جہان کے رہنما مولانا محمد عمر خزنوی جمعیت سوراب کے رہنماؤں مولانا عبداللہ زہری سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل اسمبلی کے فورم پر بلوچستان کے اہم مسائل ڈیل سڑکیں، کیڈٹ ہسپتال بجلی گیس کی بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

بلوچستان عوامی پارٹی کے بدولت بلوچستان میں ریکارڈ ترقیاتی کام کی جاری ہیں، میر فاضل خان چدرانی

عوام کو سہولت فراہم کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کرنے کے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، بلوچستان عوامی پارٹی

نصیر آباد (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر رہنما میر فاضل خان چدرانی نے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی کے بدولت بلوچستان میں ریکارڈ ترقیاتی کام کی جاری ہیں عوام کو سہولت فراہم کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کرنے کے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں کو